Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعرات، 02 مارچ 2023ء، 08 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 283

مجموعی طور پر، ایف بی آر نے جاری مالی سال کے پہلے 8 مہینوں میں 4,493 ارب روپے اکٹھے کیے، اسحاق ڈار

رواں سال کا ٹیکس ہدف پورا کرلیا

فروری میں 527 ارب 20 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا وزیر خزانہ

یہ حجم 3,820 ارب روپے تھے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی مدت جس میں سال بہ سال 18 فیصد اضافہ ہوا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

فروری میں 527 ارب 20 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، جب کہ فروری 2022 کے مقابلے میں ٹیکس ریونیو میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے رواں سال کا ٹیکس ہدف پورا کرلیا ہے، فروری میں 527 ارب 20 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، جب کہ فروری 2022 کے مقابلے میں ٹیکس ریونیو میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنے ٹویٹ میں وزیر برائے خزانہ اسحٰق ڈار نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ الحمد اللہ، ایف بی آر نے فروری 2023ء کا ٹیکس ریونیو ہدف پورا کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فروری میں 527 ارب 20 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، جب کہ فروری 2022 کے مقابلے میں ٹیکس ریونیو میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر، ایف بی آر نے جاری مالی سال کے پہلے 8 مہینوں میں 4,493 ارب روپے اکٹھے کیے جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں یہ حجم 3,820 ارب روپے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی مدت جس میں سال بہ سال 18 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ایف بی آر نے مالی سال 23 کی تیسری سہ ماہی کے دوران متاثر کن کارکردگی دکھانا جاری رکھا ہے جو کہ نظرثانی شدہ 7640 ارب روپے کی سالانہ بجٹ ریونیو کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے اپنے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فروری میں 527 ارب 20 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، جب کہ فروری 2022 کے مقابلے میں ٹیکس ریونیو میں (بقیہ نمبر 1)

پاکستان غربت کیلئے بڑی جیل اور ڈیتھ زون بنتا جارہا ہے شیخ رشید

معاشی، سماجی وسیاسی استحکام ملے گا یا ملک سیاسی انتشار و خلفشار میں چلا جائے گا، سربراہ عوامی مسلم لیگ

لاہور (سٹی رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد نہ ہوا تو ملک میں خون خرابہ ہوگا۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کی جمہوری تاریخ کا (بقیہ نمبر 4)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب کا پتنگ بازی کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

مانیٹرنگ کیلئے ڈرون، دیگر جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے، کوئی بھی واقعہ ہوا تو متعلقہ ڈی پی او ذمہ دار ہوگا' محسن نقوی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پتنگ بازی پر پابندی کے قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت لاہور میں منعقدہ اجلاس میں پتنگ بازی کی پابندی کے (بقیہ نمبر3)

PTI سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو مذاکرات کی دعوت دیتا ہوں راجہ پرویز اشرف

حکومت کی محنت میں کوئی شک نہیں، امید ہے چند دنوں میں معاشی استحکام کی طرف گامزن ہو جائیں گے

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو مسائل کے حل کیلئے مذاکرات کی دعوت دیتا ہوں، موجودہ حالات میں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، یقین دلاتا ہوں پاکستان کبھی ڈیفالٹ نہیں (بقیہ نمبر 2)

سپریم کورٹ کا کہنا ہے کہ جنرل انتخابات کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے، آئین میں انتخابات کے لیے 60 اور 90 دن کا وقت دیا گیا ہے

پنجاب، KP الیکشن ازخودنوٹس

سپریم کورٹ کا 90 روز میں انتخابات کرانیکا حکم

سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں پنجاب اور کے پی میں انتخابات 90 دنوں میں کرانیکا حکم دیا ہے، سپریم کورٹ نے فیصلہ دو کے مقابلے میں تین کی اکثریت سے دیا ہے

فیصلے میں 5 رکنی بینچ کے دو ممبران نے درخواستوں کے قابل سماعت ہونے پر اعتراض کیا، جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال مندوخیل نے فیصلے سے اختلاف کیا

الیکشن کمیشن فوری طور پر صدر مملکت کو انتخابات کی تاریخ تجویز کرے، الیکشن کمیشن سے مشاورت کے بعد صدر پنجاب میں انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پنجاب، خیبر پختونخوا، کے پی، الیکشن ازخودنوٹس کیس میں سپریم کورٹ نے دونوں صوبوں میں انتخابات 90 دنوں میں کرانے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے گزشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ سنایا۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں پنجاب اور کے پی میں انتخابات 90 دنوں میں کرانیکا حکم دیا ہے، سپریم کورٹ نے فیصلہ دو کے مقابلے میں تین کی اکثریت سے دیا ہے، بینچ کی اکثریت نے درخواست گزاروں کو ریلیف دیا ہے۔ فیصلے میں دو ججز کا درخواستوں کے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: پنجاب، کے پی الیکشن ازخودنوٹس: سپریم کورٹ کا 90 روز میں انتخابات کرانیکا حکم

الیکشن تاخیر پر ازخودنوٹس جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال خان مندوخیل کا اختلافی نوٹ

ہائیکورٹس میں اسی طرح کا کیس زیرسماعت ہے، سپریم کورٹ ایک ایپکس کورٹ ہے اس کو ان معاملات میں مداخلت نہیں کرنی

گورنر کی منظوری نہ ہونے پر پنجاب اسمبلی 48 گھنٹوں میں تحلیل ہوئی، عدالت نے 90 روز میں انتخابات سے متعلق درخواستیں منظور کرلیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات میں تاخیر سے متعلق ازخودنوٹس میں وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا جو سنا دیا گیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 90 دنوں میں الیکشن کرانے کا حکم دے دیا ہے۔۔ (بقیہ نمبر 12)

ملک بھر میں ڈیجیٹل مردم شماری کا آغاز کردیا گیا

مقامی سطح پر سسٹم تیار کرنے پر تمام اداروں کو وزیرِاعظم پاکستان کی طرف سے مبارکباد

پٹرول کی قیمت میں 5 روپے کمی لیکن عوام کو براہ راست ریلیف نہ مل سکا

موجودہ حکومت کی مہنگائی پالیسی کی وجہ سے ملک بھر میں سٹریٹ کرائم میں اضافہ

اسلام آباد سیف سٹی صرف نام کی حد تک ہے، کیمرے کام نہیں کرتے، نفری سیاستدانوں کو پروٹوکول دینے میں مصروف

ملک ڈیفالٹ، آئی ایم ایف کے ہاتھوں میں پاکستان کی ڈوریں، عوام کا اللہ مالک

وزارت اطلاعات اس مہنگائی کے دور میں اخبارات کے گورنمنٹ ایڈورٹائزمنٹ ریٹس میں اضافہ کرکے ریلیف دے

پرنٹ میڈیا کا تمام پرنٹنگ میٹریل ٹیکس فری کرکے اخباری انڈسٹری کو بند ہونے سے بچایا جائے

وزیرِاعظم پاکستان کو چاہیے کہ عوام کو اشتہاری مہم کے زریعے آگاہی فراہم کرے کہ اب تک حکومتی کارکردگی کیا ہے

مقامی سطح پر سسٹم تیار کرنے پر تمام اداروں کو وزیرِاعظم پاکستان کی طرف سے مبارکباد

پنجاب حکومت نے ویب چینلز اور بغیر این او سی کے اخبارات کے نمائندگان کے خلاف کاروائی کا آغاز کردیا

موجودہ حکومت کی مہنگائی پالیسی کی وجہ سے ملک بھر میں سٹریٹ کرائم میں اضافہ

ڈی جی پی آر کو ڈیجیٹل کرنے سے سرکاری اشتہارات کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جاسکے گی

ملک ڈیفالٹ، آئی ایم ایف کے ہاتھوں میں پاکستان کی ڈوریں، عوام کا اللہ مالک

ڈی جی پی آر سے جاری ہونے والے SPL اشتہارات کی ایجنسی کی رقم ایجنسی کو اور اخبار کو براہِ راست چیک دیا جائے

ٹو دی پوائنٹ

محمد فیصل ندیم

faisalnadeemjournalist@gmail.com

ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری 2023 کا آغاز ہوگیا ہے۔ اعداد وشمار اکٹھا کرنے کا یہ نظام فیصلہ سازی، مستقبل کی منصوبہ بندی اور وسائل کے مؤثر استعمال میں مدد فراہم کرے گا۔ مقامی سطح پر سسٹم تیار کرنے پر تمام اداروں کو وزیرِاعظم پاکستان کی طرف سے مبارکباد بھی دی گئی۔ شفاف نظام سے حاصل اعداد وشمار فیصلہ سازی میں معاون ثابت ہوں گے۔ اس وقت پاکستان بھر کے ڈپٹی کمشنرز بھی مردم شماری کی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اور عوام کو بھی چاہیے کہ وہ ہر ممکن تعاون کو مردم شماری کی ٹیم کے ساتھ یقینی بنائیں کیونکہ یہ ہمارے مستقبل کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ پٹرول کی قیمت کی بات کریں تو عوام 5 روپے پٹرول کم ہونے سے ذرا بھی خوش نہیں ہے۔ عوام سے بات چیت پر پتا چلا کہ عوام کو پٹرول سستا ہونے پر 1 فیصد بھی فائدہ نہیں ہوا۔ انتظامیہ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کروا کر عوام کو براہِ راست ریلیف فراہم کروائے۔ ملک میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوتا جارہا ہے اور اس کی زمہ دار موجودہ حکومت ہی ہے جنہوں نے بروقت کچھ ایسا نہیں کیا جس سے آنے والے وقت میں عوام کو ریلیف دیا جا سکتا۔ حکومت کی مہنگائی پالیسیوں کی وجہ سے ہی اس وقت ملک بھر میں سٹریٹ کرائم میں اضافہ ہو چکا ہے۔ اسلام آباد جس کو سیف سٹی کہا جاتا ہے وہاں پر کیمرے ہی کام نہیں کرتے عوام کی زندگیاں داؤ پر لگائی جا رہی ہیں۔ ملک لگاتار ڈیفالٹ ہوتا جا رہا ہے پاکستان برائے نام آزاد رہ گیا باقی اس کی تمام ڈوریں آئی ایم ایف کے ہاتھوں میں ہیں جو اپنی مرضی سے پاکستان پر حکم چلا رہے ہیں۔ عوام کا اللہ مالک ہے اب باقی سیاستدانوں سے کوئی توقع نہیں رہی۔ پولیس کی تمام نفری اس وقت سیاستدانوں کو پروٹوکول دینے میں مصروف ہے پٹرولنگ کے لیے تھانوں میں نفری انتہائی کم ہے، جس وجہ سے ڈکیت سرِ عام شیر بن کر وارداتیں ڈال رہے ہیں۔ اس مہنگائی میں پرنٹ میڈیا کا بھی کوئی مددگار نہیں ہے۔ موجودہ حکومت لگاتار سب کو ریلیف دے رہی ہے لیکن پرنٹ میڈیا لگاتار تباہی کی طرف جا رہا ہے۔ وزارت اطلاعات فوراً سرکاری اشتہارات کے لیے اخبارات کے ریٹس میں 200 فیصد تک اضافہ کر کے میڈیا دوست ہونے کا ثبوت دے۔ پرنٹنگ میٹیریل کو فوراً ٹیکس فری کر کے اخباری انڈسٹری کو بند ہونے سے بچایا جائے۔ سرکاری اشتہارات کا کوٹہ بڑھایا جائے اور عوام کو آگاہی مہم کے زریعے بتایا جائے کہ اب تک حکومت کی کارکردگی کیا ہے۔ انتقامی کاروائیوں کے علاوہ عوام کے سامنے لایا جائے کہ اب تک عوام کو کیا ریلیف دیا گیا اور کون کون سے پروجیکٹس عوام کو مہیا کیے گئے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے وہ کر دکھایا جو آج تک وزارت اطلاعات اور متعلقہ ادارے نہیں کر سکے۔ محسن نقوی صاحب نے بغیر این او سی کے اخبارات اور ویب چینلز کے خلاف کاروائیوں کا آغاز کر کے تمام اخبارات اور ٹی وی چینلز والوں کا دل جیت لیا ہے۔ کم سے کم جعلی لوگوں سے اب صحافت پاک رہے گی۔ ڈی جی پی آر کو ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے اس سے سرکاری اشتہارات کی منصفانہ تقسیم میں واضع فرق سامنے آئے گا۔ بس ایک کام کی کمی ہے جو حکومت پنجاب کو فوراً کر دینا چاہیے اور وہ ہے کہ ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں سے فائینشل پاور واپس لے لی جائے کیوں کہ ایجنسی والے ڈی جی پی آر سے پیسے لے کر بھی اخبارات کو بروقت پیسے ادا نہیں کرتے اور اسی وجہ سے اخبارات کے مالی حالات بے حد خرابی کی طرف چلتے جاتے ہیں کہ نوبت اخبار بند کرنے کی آجاتی ہے۔ ڈی جی پی آر سے ایجنسی کو 15 فیصد کا چیک اور اخباروں کو 85 فیصد کا چیک براہ راست دے دینا چاہیے اس سے کوئی لڑائی بھی نہ ہوگی اور اچھے طریقے سے سب کا نظام چل سکے گا۔

اداروں کی تضحیک کا الزام، مریم نواز 10 مارچ کو سیشن عدالت سکھر میں طلب

سکھر (جنرل رپورٹر) اداروں کی تضحیک کا الزام، مریم نواز کو 10 مارچ کو طلب کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سکھر کی سیشن عدالت نے سنئیر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نواز کو (بقیہ نمبر 6)

سپریم کورٹ نے وزیراعظم کو گلگت بلتستان میں ججز کی تعیناتی سے روک دیا

ججز تعیناتی کے خلاف وزیراعلیٰ گلگت بلتستان نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا، رپورٹ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے وزیراعظم کو گلگت بلتستان میں ججز کی تعیناتی سے روک دیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس مظاہر نقوی اور جسٹس اعجازالاحسن پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے گلگت بلتستان میں ججز تعیناتی کے خلاف کیس کی سماعت کی جس سلسلے میں اٹارنی جنرل عدالت میں پیش (بقیہ نمبر 7)

حقائق سب کے سامنے ہیں 9 ججز سے ازخودنوٹس شروع ہوا تھا، اٹارنی جنرل

آئین عام انتخابات سے متعلق وقت مقرر کرتا ہے، گورنر کی منظوری نہ ہونے پر پنجاب اسمبلی 48 گھنٹوں میں تحلیل ہوئی

23 فروری کو بینچ کے دو ممبران نے پیٹشن کو مسترد کیا، آج پھر دو ججز نے پیٹشن کو مسترد کر دیا ہے، بیرسٹر شہزاد عطاء الٰہی

اسلام آباد (خبرنگار) اٹارنی جنرل آف پاکستان کا کہنا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات سے متعلق 9 ججز سے ازخودنوٹس شروع ہوا تھا۔ تفصیلات کے مطابق اٹارنی جنرل آف پاکستان بیرسٹر شہزاد عطاء الٰہی نے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر8)

لاہور: امریکی منتخب نمائندگان کے وفد کی زمان پارک میں عمران خان سے ملاقات

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد عمران خان نے جیل بھرو تحریک ختم کرنے کا اعلان کردیا

سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، آئین کو برقرار رکھنا سپریم کورٹ کی ذمہ داری تھی، سابق وزیراعظم

ہم اپنی جیل بھرو تحریک کو معطل کررہے ہیں اور کے پی اور پنجاب میں انتخابی مہم کے ساتھ آگے بڑھیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے جیل بھرو تحریک ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ ہم سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ آئین کو برقرار رکھنا سپریم کورٹ کی ذمہ داری تھی اور انہوں نے آج اپنے فیصلے کے ذریعے بہادری سے یہ ثابت کیا کہ پاکستان میں قانون کی حکمرانی ہے۔ عمران خان نے مزید کہا کہ ہم اپنی جیل بھرو تحریک کو معطل کر رہے ہیں اور کے پی اور پنجاب میں انتخابی مہم کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب اور خیبر پختونخوا الیکشن از خودنوٹس کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد جیل بھرو تحریک ختم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ خیال رہیکہ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 11)

جوڈیشل کمپلیکس میں ہنگامہ آرائی کا معاملہ

عمران خان سمیت 21 رہنماؤں کیخلاف ایک اور مقدمہ درج

مقدمے میں دہشت گردی، کار سرکار میں مداخلت اور مزاحمت کی دفعات شامل

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد ہائیکورٹ آمد پر ہنگامہ آرائی کا معاملہ، عمران خان سمیت پی ٹی آئی کے 21 رہنماؤں کیخلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مقدمے میں پی ٹی آئی کے 250 کارکنوں کو بھی نامزد کیا گیا ہے، مقدمے میں دہشت گردی، کار سرکار میں مداخلت اور مزاحمت کی دفعات شامل کی گئی ہیں، ایف آئی آر کے متن کے مطابق عمران خان ہجوم کو لیکر جوڈیشل کمپلیکس پہنچے، کارکنوں نے ہاتھوں میں ڈنڈے، اسلحہ اور جھنڈے پکڑ رکھے تھے۔ ہجوم نے پی ٹی آئی کی قیادت میں ہائیکورٹ میں داخل ہونے کی کوشش کی، ہجوم نے پولیس اور دیگر کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی پولیس نے عمران خان کی پیشی کے موقع پر جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں توڑ پھوڑ کا مقدمہ درج کیا، دہشتگردی ایکٹ کے تحت مقدمے میں 25 افراد گرفتار جبکہ باقی کی (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: انتخابات پر ازخودنوٹس کو مسترد کرتے ہیں: ججز کا اختلافی نوٹ

متنازع انتخابات بڑے سیاسی حادثات تقسیم کی بنیاد بن سکتے ہیں سعد رفیق

صوبائی انتخابات بارے سپریم کورٹ کا فیصلہ قانون اور انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے

اقتدار میں واپسی کیلئے عمران خان اور اس کے سہولت کاروں کی جلد بازی اور ضد ریاست کیلئے خطرہ بن گئی ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ متنازع ترین انتخابات بڑے سیاسی حادثات اور تقسیم کی بنیاد بن سکتے ہیں جس کا پاکستان متحمل نہیں ہو سکتا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: متنازع انتخابات بڑے سیاسی حادثات، تقسیم کی بنیاد بن سکتے ہیں: سعد رفیق

پشاور، ٹیکس سے مستثنی علاقہ میں خام سریا سے لدی 12 گاڑیوں کوتحویل میں لے لیا گیا

پشاور (سٹی رپورٹر) ریجنل ٹیکس آفس پشاور کے موبائل سکواڈ نے کارروائی کرتے ہوئے پشاور کے مضافاتی علاقے سربند روڈ پر ٹیکس سے مستثنی علاقوں سے باہر جانیوالے خام سریا (بقیہ نمبر 19)

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فیاض علی نے ڈیجیٹل مردم شماری کا افتتاح کردیا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فیاض علی نے ڈیجیٹل مردم شماری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ضلعی کوآرڈینیٹر محمد قاسم نواز اور سپروائزر حافظ محمد عمران گولہ نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور کو ڈیجیٹل مردم شماری کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع (بقیہ نمبر 30)

اثاثے ہوں یا اولاد، ظاہر نہ کرنے پر نااہلی ہوتی ہے، عطا تارڑ

اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت 8 مارچ تک ملتوی کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی عطا اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ اثاثے ہوں یا اولاد، ظاہر نہ کرنے پر نااہلی ہوتی ہے، پارٹی سربراہ چاہے ایم این اے ہو یا (بقیہ نمبر 21)

ساتویں خانہ و مردم شماری کے لیے گنتی کی سرگرمی کا مکمل آغاز

پاکستان بھر میں خانہ و مردم شماری کی فیلڈ کی سرگرمیاں آج ڈیجیٹل طور پر شروع کر دی گئیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف مردم شماری کمشنر ڈاکٹر نعیم الظفر نے 'ہاؤس لسٹنگ ایپ' (House Listing App) میں پہلے بلڈنگ سٹرکچر کا اندراج کر کے فیلڈ آپریشن کا افتتاح کیا۔ دریں اثناء تمام ڈویژنز (Divisions) میں افتتاح متعلقہ کمشنرز کی جانب سے کیا گیا مردم شماری کے سب سے اہم اسٹیک ہولڈرز ہونے کی حیثیت سے پاکستان کے شہریوں کو پرزور تاکید کی جاتی ہے کہ وہ مردم شماری کے فیلڈ آپریشن کے دوران اپنی مکمل شرکت اور تعاون کو یقینی بنائیں۔ مردم شماری میں شرکت نہ صرف ہماری اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے بلکہ حکومت کو یہ موقع بھی فراہم کرتی (بقیہ نمبر17)

بٹگرام میں ساتویں مردم وخانہ شماری کا آغاز کردیا گیا

ہنگامی صورت حال میں ڈپٹی کمشنر کنٹرول روم نمبر 0997310136 پر رابطہ کریں

بٹگرام (خصوصی رپورٹر) پاکستان بھر کی طرح ضلع بٹگرام میں بھی ساتویں مردم اور خانہ شماری کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر مانسہرہ تنویر الرحمٰن نے منعقدہ تقریب میں خانہ و مردم شماری کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز، پی بی ایس سٹاف نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام کو پیغام میں کہا کہ پاکستان میں یہ پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہورہی (بقیہ نمبر23)

صدر کا عہدہ ان کو جانبداری کی اجازت نہیں دیتا، شیری رحمان

ان کو آئینی عہدے پر بیٹھ کر آئین کی پاسداری کرنی چاہیے، عمران خان کی نہیں

تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل یا ٹائیگر فورس کے رکن کے طور پر نہیں، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) رہنما پیپلز پارٹی اور سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ واضح طور پر صدر کے پاس انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار نہیں تھا، صدر ایک آئینی عہدے پر بیٹھے ہیں، ان کا عہدہ جانبداری کی اجازت نہیں دیتا۔ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں رہنما پیپلز پارٹی شیری رحمان نے کہا کہ صدر نے (بقیہ نمبر24)

قوم سپریم کورٹ کے فیصلے پر پہرہ دیگی، مسرت جمشید چیمہ

سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ سنایا، قوم میں نئی امنگ پیدا ہوئی ہے

حیلے بہانوں پر غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑیگا' مرکزی رہنما پی ٹی آئی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ سنایا جس سے عوام میں ایک نئی امنگ پیدا ہوئی ہے، امید ہے آئین کو روندنے والے اب قوم سے معافی مانگ کر کے توبہ تائب ہو جائیں گے، ساری قوم اب سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے پر پہرہ دے گی۔ فیصلے کے بعد اپنے ردعمل میں انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین وقانون اور 22 کروڑ 75 لاکھ عوام کی جیت ہے (بقیہ نمبر25)

جنرل سید عاصم منیر کا انجینئرز ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو پاک آرمی اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کی جانب سے بریفنگ دی گئی

آرمی چیف کو ترکیہ اور شام کے زلزلے کے دوران کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا

اسلام آباد: چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے انجینئرز ہیڈکوارٹرز ڈویژن راولپنڈی کا دورہ کیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے انجینئرز ہیڈ کوارٹرز ڈویژن راولپنڈی کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو پاک آرمی اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو ٹیم کی جانب سے ترکیہ اور شام کے زلزلے کے دوران کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے انجینئرز ہیڈ کوارٹرز ڈویژن راولپنڈی (بقیہ نمبر22)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارتی پراپیگنڈہ اور پاکستان

یورپی یونین میں فیک نیوز پر کام کرنے والے تحقیقی ادارے یورپی یونین)ای یو (ڈس انفولیب نے بیڈسورس کے نام سے ایک نئی رپورٹ ریلیز کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ بھارتی نیوز ایجنسی ایشین نیوز انٹرنیشنل)اے این آئی(پاکستان اور چین کے حوالے سے اپنی جعلی خبروں میں مسلسل ان صحافیوں، تنظیموں اور بلاگرز کا حوالہ دیتی ہے جو سرے سے وجود ہی نہیں رکھتے، یوں غلط ذرائع کو بنیاد بنا کر پراپیگنڈہ کیا جاتا ہے، تمام جعلی نیٹ ورکس کو اے این آئی دہلی کے سری واستو گروپ کے ذریعے چلایا جاتا ہے جبکہ یہ گروپ گزشتہ 15 برسوں سے جعلی این جی اوز، تھنک ٹینکس اور جعلی میڈیا ہاسز کے ذریعے پاکستان، چین اور بھارت میں موجود تمام اقلیتوں کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے میں ملوث ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ این جی اوز کے ذریعے اقوام متحدہ اور اس کے ہائی کمشنر فار ریفیوجیز)یو این ایچ سی آر (تک میں پاکستان کے خلاف جعلی تقریبات اور مظاہرے کروائے جاتے ہیں تاکہ عالمی سطح پر پاکستان اور چین کی ساکھ کو متاثر کیا جائے۔ پاکستان مخالف بیانیے کو جعلی میڈیا گروپوں کے ذریعے پھیلا کر، سچی کہانی کے طور پر وائرل کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نیوز ایجنسی ان افراد، کانفرنسوں، تجزیوں اور مضامین کے حوالے دیتی ہے جن کا حقیقت میں وجود ہی نہیں ہوتا، اِن نامعلوم مصنفین کو 19 جعلی کانفرنسوں، 200 سے زائد تجزیوں اور 500 سے زیادہ آرٹیکلز میں حوالے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اے این آئی نے سات سال 2016) سے (2023 کے عرصے میں انٹرنیٹ پر اپ لوڈ کی گئی 300 سے زائد کہانیوں، بلاگز اور جیو پولیٹیکل ماہرین کی رپورٹس کا حقیقت سے سرے سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ ایسا پہلی بار نہیں ہوا کہ بھارتی پراپیگنڈہ نیٹ ورک پکڑا گیا ہو، جولائی 2021 میں بھی حکومت پاکستان نے ایسی 900 سے زائد جعلی ویب سائٹ پکڑی تھیں جن کے ذریعے بھارت جعلی مواد پھیلاتا تھا، ویب سائٹس کے ذریعے پاکستان کے خلاف پہلے جھوٹی خبریں اپ لوڈ کی جاتی تھیں، پھر انہیں سوشل میڈیا پر پھیلایا جاتا تھا اور المیہ یہ کہ بعد ازاں پاکستان کی سیاسی جماعتیں اِسی مواد کو استعمال کرتی تھیں۔ پہلے بھی ای یو ڈس انفو لیب نے دنیا بھر میں ڈس انفارمیشن پھیلانے والی سینکڑوں ویب سائٹس کو بے نقاب کیا تھا۔ اِس نیٹ ورک سے منسلک برسلز میں قائم کیے گئے جعلی تھنک ٹینک ساتھ ایشیا ڈیموکریٹک فورم)سیڈف (کے بورڈ ممبران بھی جنوری 2021 میں نیٹ ورک کے بے نقاب ہونے کی وجہ سے مستعفی ہونے پر مجبور ہو گئے تھے۔ سیڈف پاکستان مخالف بھارتی پراپیگنڈے کا آلہ کار تھا، اِس کا تعلق نریندر مودی سے براہِ راست منسلک سری واستو گروپ سے تھا۔ اِن انکشافات کے بعد پاکستان نے یورپین پارلیمنٹ سے بھارتی جعلسازی کی تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا جس پر نوٹس لیا گیا اور ای یو ڈس انفو لیب کے مینجنگ ڈائریکٹر نے یورپی پارلیمانی کمیٹی کو بھارتی پراپیگنڈے پر تفصیلی بریفنگ دی تھی۔ اِسی لیب نے بھارتی پراپیگنڈہ مشین کے طور پر کام کرنے والی ویب سائٹس انڈیا کرونیکل اور ای یو کرونیکل کو بھی بے نقاب کیا جو پاکستان کو بدنام کرنے میں مصروف تھیں۔ ای یو ڈس انفو لیب کی تحقیق کے مطابق بھارت دہائیوں سے یورپی یونین اور اقوام متحدہ کو غلط مواد کے ذریعے گمراہ کرنے میں بھی مصروف ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بھارتی مفادات کو فائدہ پہنچانے کے لیے بنایا گیا وسیع عالمی ڈس انفارمیشن پھیلانے کا یہ نیٹ ورک کئی تنظیموں اور 750 جعلی مقامی میڈیا آرگنائزیشنوں پر مشتمل تھا تاہم اِس کے پکڑے جانے کے باوجود دوبارہ اِسے فعال کر دیا گیا۔

تماشا مرے آگے!

ایک تماشا تو وہ ہے جو ہم آئے روز اپنے میڈیا پر دیکھتے ہیں۔ اسے پاکستان کا اندرونی یا داخلی سیاسی تماشا کہا جا سکتا ہے اور دوسرا تماشا وہ ہے جو پاکستان کی زمینی، فضائی اور بحری حدود سے باہر علاقائی اور بین الاقوامی حدود میں ہوتا دیکھتے ہیں۔ دونوں میں کچھ زیادہ فرق نہیں ہے۔ اگر فرق ہے تو

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

ٹائم اینڈ سپیس یعنی زمان و مکاں کا فرق ہے۔ زمانی فرق یہ ہے کہ ہمارا داخلی تماشا ہمارے ٹائم کے مطابق ہے اور بین الاقوامی تماشا گلوبل ٹائم کے مطابق ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہمارا تماشا 75 برس سے دن رات لگا رہتا ہے اور بین الاقوامی تماشا بھی تقریباً 78 برس سے لگ رہا ہے 1945) میں بعد از اختتامِ جنگ عظیم دوم تا حال (۔ یہ گلوبل تماشا آٹھ عشروں سے زبانی کلامی لگ رہا تھا کہ اچانک روس نے یوکرین پر حملہ کر کے اسے مکانی تماشا بھی بنا دیا۔ یہ جنگ فی الحال روس۔ یوکرین کی سرحدوں تک محدود ہے۔

سارے شواہد کہہ رہے ہیں کہ اس جنگ کو پھیلنا ہے اور اسے تمام یورپ کو اپنی لپیٹ میں لینا ہے۔ یہ جنگ سے بچا کا وقفہ، مغربی دنیا کا عارضی وقفہ امن تھا جو 23 فروری 2022 کو ایک دھماکے سے ختم ہو گیا۔ آج امریکہ دنیا کی واحد سپر پاور کہلاتا ہے، اس لئے وہ اس کوشش میں ہے کہ اسے مزید پھیلنے سے روکے۔ وہ فی الحال یوکرین کی فوجی اور سویلین لاشوں پر تجارت کر رہا ہے۔ یوکرین کا صدر ایک یہودی صدر ہے اور آپ کو یاد ہوگا کہ یہودیوں نے دوسری عالمی جنگ میں جرمن قوم سے کیا کیا تھا۔ اس کا موازنہ نازی جرمنی کے عہدِ زریں 1934) تا (1943 سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ دس برس ہٹلر کے سال تھے جس نے یہودیوں کی نسلی بیخ کنی کا بیڑا اٹھایا تھا۔ افسوس کہ وہ اسے تکمیل کو نہ پہنچا سکا۔ اب یوکرین کا صدر زیلنسکی یہودی پرچم بلند کر رہا ہے اور امریکہ اور سارا مغربی یورپ) جرمنی کے سوا(دل و جان سے اس کے ساتھ ہے۔ اس معکوس صورتِ حال کے متعلق کہا جاتا ہے کہ: کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی راتیں۔

پچھلے دنوں امریکی صدر بائیڈن نے یوکرین کے دارالحکومت کیف کا سرپرائز وزٹ کیا تھا۔ امریکہ اس طرح کے ناگہانی اور خفیہ دوروں کا پرانا پاپی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ افغانستان کی 20 سالہ جنگ 2001) تا (2021 میں بھی یہ اچانک دورے ہوا کرتے تھے۔ امریکہ کی وارٹیکنالوجی جن اچانک دوروں کی متحمل ہو سکتی ہے اس کی تقلید دوسرے ملک نہیں کر سکتے۔ تاہم دوسرے ملک اس کا جواب ایک اور طرح سے دے سکتے ہیں اور دے رہے ہیں۔ چین نے بھی امریکی صدر کے اس دورے کے جواب میں ماسکو کا دورہ کیا اور چینی صدر نے اپنی وزارتِ خارجہ کا ایک سینئر ترین سفارتکار)وانگ ژی (وہاں بھیجا اور روس کے ساتھ یک جہتی کا اظہار کیا۔ چین اور روس کا یہ اتحاد، امریکہ اور یورپ کے اتحاد کے جواب میں تھا۔ اس طرح کے باہمی ناگہانی دورے کوئی نئی روائت نہیں۔

گداگری یا غنڈہ گردی

گئے زمانوں میں گداگر اللہ کے نام پر بھیک مانگا کرتے تھے اور جو ان کو دیا جائے اس پر راضی ہو جاتے تھے لیکن اب زمانہ بدل گیا ہے اب اللہ کے نام پر ہی مانگنے والے پیشہ ور غنڈہ گردوں نے لے لی ہے جن سے تقریباً ہر باشعور شہری تنگ ہے۔ کبھی یہ زبردستی آپ کا راستہ روک لیتے ہیں، کبھی آپ کی گاڑی کے آگے آ جاتے ہیں کبھی کم پیسے ملنے پر بددعائیں تک دینے سے باز نہیں آتے، پہلے لوگ مجبوری میں مانگا کرتے تھے اب یہ ایک باقاعدہ پیشہ بن چکا ہے اور ان بھکاریوں نے آپس میں علاقے

محمد علی یزدانی

بانٹے ہوئے ہوتے ہیں کوئی ایک کسی دوسرے کے علاقے میں جا کر مانگنے کا تصور تک نہیں کر سکتا، ان کی باقاعدہ مافیا ہے جو ان بھکاریوں کو کنٹرول کرتی ہے۔ بھکاری اپنے مقاصد کیلئے بچوں کو بھی استعمال کرتے ہیں۔ ٹریفک سگنلز ان کا خاص ہدف ہیں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد ان کے ساتھ منسلک ہے۔ اس مقصد کیلئے یہ بھکاری مافیا بچوں کو اغوا کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے، آئے روز بچوں کے اغوا کی کہانیاں میڈیا کی بھی زینت بنتی رہتی ہیں۔ گداگری قانوناً جرم ہے اور اس کی قانون میں باقاعدہ سزا تجویز ہے اور اس کی روک تھام کے لئے قانونی ایکٹ بھی موجود ہے مگر حکومت اور پولیس کی ناک کے نیچے کھلے عام بھیک کے نام پر غنڈہ گردی جاری ہے۔ سڑکوں پر بچے، بوڑھے، خواتین غول در غول نہ صرف بھیک مانگ رہے ہیں بلکہ بھیک چھین رہے ہیں کیوں اب ان کا طریقہ کار چھیننے والا ہوتا ہے لوگ ترس کھا کر نہیں بلکہ ڈر کر ان بھکاریوں کو بھیک دے رہے ہوتے ہیں کہیں یہ ان پر حملہ آور ہی نہ ہو جائیں۔ اکثر جب گھر سے گاڑی میں نکلیں تو جگہ جگہ اشاروں پر ان کے جھتے مانگنے کیلئے آپ کی گاڑی پر چڑھ دوڑتے ہیں اور کبھی گاڑی کی فرنٹ سکرین کو دھونے کے نام پر بھتہ وصول کرتے ہیں چاہے ان کے پانچ یا دس روپے کی خاطر کسی گاڑی کی ہزاروں روپے مالیت کی سکرین خراب ہو جائے لیکن انہیں اپنے دس روپے سے مطلب ہوتا ہے چاہے اگلا بندہ گھر سے گاڑی دھو کر صاف ستھری کر کے نکلا ہے لیکن انہوں نے اپنا حصہ لازمی وصول کرنا ہے۔

اب یوں لگتا ہے کہ روڈ ٹیکس کی بجائے بھکاری یا گداگری کا ٹیکس دینا پڑتا ہے۔ اس صورتحال نے شہریوں کو یرغمال بنا لیا ہے، ایک فقیر سے جان چھڑوائی تو دوسرا آن کھڑا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بھکاری مختلف جعلی بہروپوں سے شہریوں کو جذباتی کر کے رقم نکلوانے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ خود کو اندھا، معذور، اپاہج یا پھر ادویات لگا کر جلا ہوا ظاہر کر کے لوگوں سے رقمیں بٹورتے ہیں۔ اس کے علاوہ جعلی کھسرے بن کر مانگنے والوں کی بھی بھرمار ہو گئی ہے۔ شیر خوار بچوں کو نشہ آور اور محلول پلا کر بے سدھ کر کے گود میں اٹھائی خواتین بھی اشاروں پر نظر آتی ہیں۔ یہ پیشہ ور بھکاری اشاروں پر ٹریفک کے بہا میں خلل ڈالنے کا بھی باعث بنتے ہیں اس کے علاوہ بھکاریوں کی یہ بھرمار شہر میں ڈکیتی، چوری، نوسر بازی کی وارداتوں میں بھی اضافے کا باعث ہے۔ شہریوں کو ان فقیروں کی وجہ سے بھی بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور گھروں سے باہر نکلتے وقت ان سے اپنی جان چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ یہ فقیر آپ سے رقم نکلوائے بغیر آپ کی جان نہیں چھوڑتے۔ یہ پیشہ ور ہٹے کٹے بھکاری بھیک نہ دینے پر شہریوں کو گھورتے اور فقرے کستے ہیں۔ جس سے انسان زچ ہو کر رہ جاتا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ پولیس و قانون نافذ کرنے والے اداروں نے شہر کو ڈاکوں اور چوروں کو ٹھیکے پر دے دیا ہے اور خود چپ سادھ لی ہے۔ اگر ہم اس حوالے سے دینی احکامات کا جائزہ لیں کہ بھیک مانگنے یا گداگری کے حوالے سے ہمارا دین کیا کہتا ہے تو قران پاک میں اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ مستحق لوگ وہ ہیں جو اصرار کر کے نہیں مانگتے بلکہ وہ چہروں سے ہی پہچانے جاتے ہیں۔

بخاری شریف میں مذکور ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا سوالی جو ہمیشہ لوگوں سے مانگتا رہتا ہے قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے منہ پر گوشت کی ایک بوٹی بھی نہ ہوگی۔ ایک اور حدیث جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ابوداد میں مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو منبر پر صدقہ اور سوال سے بچنے کے لیے خطبہ دے رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اوپر والے ہاتھ سے مراد خرچ کرنے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہاتھ ہے۔ اسی طرح ایک انصاری کا پورا واقعہ نسائی شریف میں درج ہے کہ حضرت انس کہتے ہیں کہ ایک انصاری نے آپ ﷺ کے پاس آ کر سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اسے پوچھا تمہارے گھر میں کوئی چیز ہے؟ وہ کہنے لگا۔ ہاں ایک ٹاٹ اور ایک پیالہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں میرے پاس لے آ۔ وہ لے آیا تو آپ ﷺ نے ان کو ہاتھ میں لے کر فرمایا کون ان دونوں چیزوں کو خریدتا ہے؟ ایک آدمی نے کہا میں ایک درہم میں لیتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ایک درہم سے زیادہ کون دیتا ہے؟ اور آپ ﷺ نے یہ بات دو تین بار دہرائی تو ایک آدمی کہنے لگا میں انہیں دو درہم میں خریدتا ہوں۔ آپ ﷺ نے دو درہم لے کر وہ چیزیں اس آدمی کو دے دیں۔ اب آپ ﷺ نے اس انصاری کو ایک درہم دے کر فرمایا اس کا گھر والوں کے لیے کھانا خرید اور دوسرے درہم سے کلہاڑی خرید کر میرے پاس لا۔ جب وہ کلہاڑی لے آیا تو آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اس میں لکڑی کا دستہ ٹھونکا پھر اسے فرمایا جا جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر یہاں لا کر بیچا کر و اور پندرہ دن کے بعد میرے پاس آنا۔ پندرہ دن میں اس شخص نے دس درہم کمائے۔ چند درہموں کا کپڑا خریدا اور چند کا کھانا اور آسودہ حال ہو گیا پندرہ دن بعد آپ ﷺ نے فرمایا یہ تیرے لیے اس چیز سے بہتر ہے کہ قیامت کے دن سوال کرنے کی وجہ سے تیرے چہرے پر برا نشان ہو۔

دعا کے ساتھ سوچ کی بھی ضرورت ہوتی ہے

دعا کیا ہے اور کیسے اثر لاتی ہے؟ ہمارے دین اور ہماری تہذیب میں دعا کی بہت اہمیت ہے . ہر بندہ دعاں کا متلاشی ہے اور دعائیں دینے والوں کی بھی کوئی کمی نہیں، جہاں تک دعاں کی قبولیت اور اثرات کی بات ہے وہ تو دعائیں لینے اور دینے والے ہی بتا سکتے ہیں کہ ان کی دعاں میں کتنا اثر ہے؟ مگر ہماری مجموعی حالت سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ہم بددعائے ہوئے لوگ ہیں، یعنی ہمیں بددعائیں تو لگتی ہیں مگر دعا کسی کی بھی نہیں لگتی۔ یوں تو دعا کے بارے میں ہر کسی کا اپنا اعتقاد ہوتا ہے،

مختار چودھری

کوئی ماں یا ماں باپ کی دعاں پر یقین رکھتا ہے، کوئی پیرومرشد کی دعا کو ہی کامیابی کا زینہ سمجھتا ہے، کوئی فقیروں، گداگروں کو کچھ دے کر دعائیں لیتا ہے تو کوئی جانوروں اور پرندوں کی دعائیں وصول کرتا ہے۔ پچھلے دنوں میں نے اپنے گھر کے سامنے بجلی کی تار پر لٹکا ایک پرندہ دیکھا، جس کے اوپر اس پرندے کی برادری کے چند دوسرے پرندے افسردگی سے بیٹھے تھے اور کوشش کر رہے تھے جیسے اس کی میت کو اٹھانا چاہتے ہوں، ہلکی بارش بھی ہو رہی تھی . میں نے اپنے بچوں کو بلا کر دکھایا اور سمجھایا کہ بجلی کی تاروں اور بجلی کے اوزاروں سے دور رہنا چاہیے۔ یہ خطرناک ہوتے ہیں۔ یہ دیکھو اِس پرندے نے احتیاط نہیں کی اور وہ کرنٹ لگنے سے مر گیا ہے۔

اسی اثنا میں وہ پرندہ سیدھا ہو کر تار کے اوپر بیٹھ گیا اور بالکل تندرست دکھائی دینے لگا، میں سمجھا کہ یہ پرندہ ویسے ہی اٹکلیاں کر رہا ہے۔ میں تو اپنے کسی کام سے باہر چلا گیا، کچھ دیر بعد میری اہلیہ کا فون آیا کہ آپ جلدی گھر آئیں۔ میں نے پوچھا خیر ہے تو کہنے لگی کہ ہمارے گھر کے سامنے ایک پرندہ بجلی کی تار کے ساتھ پھنسا ہوا ہے اسے نکالنا ہے۔ میں اس وقت اتفاق سے ایک الیکٹرک کا کام کرنے والے بندے کے پاس بیٹھا ہوا تھا اس سے پوچھا کہ آپ کوئی مدد کر سکتے ہو؟ اس نے فوری طور پر محکمہ برقیات کے کسی ملازم کو کال کی مگر اس نے کہا کہ بارش کا موسم ہے اور میں اکیلے ڈیوٹی پر ہوں پھر میں نے ایکسین چودھری احسان صاحب کو فون کیا اور ساری صورت حال سے آگاہ کیا تو انہوں نے کہا کہ میں ابھی بندے بھیجتا ہوں۔ جب کچھ دیر بعد میں گھر آیا تو وہ پرندہ میرے کمرے کے اندر ایک تولیہ لپیٹے بریڈ کھا رہا تھا۔ میں نے اپنی بیوی سے پوچھا کہ جو لوگ مدد کرنے آئے تھے انہیں چائے پلائی چاہیے تھی تو اس نے جواب دیا کہ دو بندے تھے، میں نے دونوں کو پانچ پانچ سو روپے دے دیے تھے۔

اب میری بیوی بہت مطمئن تھی کہ اسے اِس پرندے کی دعا لگے گی، لیکن پرندہ بیچارہ دعا کے بارے میں کیا جانتا ہوگا؟ اسی طرح دوسرے جانوروں کو دعا کا کیا علم ہوگا؟ اس خاکسار کا اپنا خیال یہ ہے کہ جب آپ اللہ کی مخلوق میں سے کسی کی مدد کرتے ہیں یا کسی کا دل خوش کرتے ہیں تو اس کا اجر آپ کو ملتا ہے، بیشک کوئی منہ سے دعائیہ کلمات کہے یا نہ کہے، اسی طرح آپ جو بھی اچھا کام کرتے ہیں جس سے آپ کا ضمیر مطمئن ہو جائے تو اس کا اجر بھی ملتا ہوگا لیکن ہمارے ہاں یہ جو دعاوں کا کاروبار چل پڑا ہے۔ آپ جہاں بھی گاڑی روکتے ہیں تو وہاں کوئی دعائیں دیتا/دیتی مانگنے کو آ ٹپکتے ہیں اور دس بار انکار کے باوجود بھی پیچھے نہیں ہٹتے۔ ان کی دعاں کے بارے میں کیا کہا جائے؟ اسی طرح ہر علاقے میں کچھ پیروں نے بھی دعاں کا کاروبار چلا رکھا ہے جن کے پاس بہت دور دور سے لوگ دعائیں لینے آتے ہیں، ان مریدوں میں کئی لوگ سوزوکی کیری ڈبہ میں بھی آتے ہیں جس کے پیچھے پہلے ہی یہ لکھا ہوتا ہے کہیہ سب میرے ماں باپ کی دعا ہے لیکن وہ پھر بھی ماں باپ کو گھر چھوڑ کر کسی آستانے پر دعا لینے پہنچ جاتے ہیں۔

پاکستان کی اکثر چھوٹی بڑی سڑکوں پر گداگری کا روپ دھارے خواتین معصوم بچوں کو اٹھائے کھڑی ہوتی ہیں اور ہر آنے جانے والے کو بچہ دکھا کر بھیک کا سوال کرتی ہیں . تو کیا یہ سب بچے بھی ہمیں دعا دیتے ہیں؟ میرے خیال میں تو یہ معصوم اور مظلوم بچے خود دعا کے منتظر ہوں گے کہ کوئی بندے دا پتر حکمران آئے اور ہمارے حال کے اوپر رحم کرے، وہ سوچتے تو ہوں گے کہ ہم کس ملک میں پیدا ہو گئے ہیں؟ ان بچوں کا ریاست پر اور ہم سب پر کیا حق ہے . یہ بہت بڑا سوال ہے۔ یہ خاکسار پہلے بھی متعدد باران بچوں کے حوالے سے لکھ کر حکمرانوں کی توجہ اس طرف مبذول کروا چکا ہے . یہ چند ماہ سے دو برس تک کے بچے جو ہر طرح کے موسم میں سارا دن سڑکوں پر رہتے ہیں ان پر کسی کو ترس نہیں آتا۔ اس طرح تو جانوروں کے بچوں کے ساتھ بھی سلوک نہیں کیا جانا چاہیے چہ جائیکہ ہمارے اپنے یعنی انسانوں کے بچوں پر اس طرح ظلم ہوتا دیکھ کر سب آنکھیں بند رکھیں، شایدان بچوں کی وجہ سے ہماری سب کی دعائیں غارت جارہی ہیں۔ آخر میں اس خاکسار کا مشورہ ہے کہ دعاں، عمروں اور عبادتوں کے ساتھ ساتھ محنت اور سوچ سے بھی کام لیا جائے اور سب سے زیادہ اجتماعی طور پر اپنے اعمال کا جائزہ لیا جائے، جہاں بڑے بڑے عالم اجتماعی دعاں کا اہتمام کرتے ہیں وہاں اجتماعی سوچ اور اجتماعی اعمال پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان کی اکثر چھوٹی بڑی سڑکوں پر گداگری کا روپ دھارے خواتین معصوم بچوں کو اٹھائے کھڑی ہوتی ہیں اور ہر آنے جانے والے کو بچہ دکھا کر بھیک کا سوال کرتی ہیں . تو کیا یہ سب بچے بھی ہمیں دعا دیتے ہیں؟ میرے خیال میں تو یہ معصوم اور مظلوم بچے خود دعا کے منتظر ہوں گے کہ کوئی بندے دا پتر حکمران آئے اور ہمارے حال کے اوپر رحم کرے، وہ سوچتے تو ہوں گے کہ ہم کس ملک میں پیدا ہو گئے ہیں؟ ان بچوں کا ریاست پر اور ہم سب پر کیا حق ہے . یہ بہت بڑا سوال ہے۔ یہ خاکسار پہلے بھی متعدد بار ان بچوں کے حوالے سے لکھ کر حکمرانوں کی توجہ اس طرف مبذول کروا چکا ہے . یہ چند ماہ سے دو برس تک کے بچے جو ہر طرح کے موسم میں سارا دن سڑکوں پر رہتے ہیں ان پر کسی کو ترس نہیں آتا۔ اس طرح تو جانوروں کے بچوں کے ساتھ بھی سلوک نہیں کیا جانا چاہیے چہ جائیکہ ہمارے اپنے یعنی انسانوں کے بچوں پر اس طرح ظلم ہوتا دیکھ کر سب آنکھیں بند رکھیں، شایدان بچوں کی وجہ سے ہماری سب کی دعائیں غارت جارہی ہیں۔ آخر میں اس خاکسار کا مشورہ ہے کہ دعاں، عمروں اور عبادتوں کے ساتھ ساتھ محنت اور سوچ سے بھی کام لیا جائے اور سب سے زیادہ اجتماعی طور پر اپنے اعمال کا جائزہ لیا جائے، جہاں بڑے بڑے عالم اجتماعی دعاں کا اہتمام کرتے ہیں وہاں اجتماعی سوچ اور اجتماعی اعمال پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اب میری بیوی بہت مطمئن تھی کہ اسے اِس پرندے کی دعا لگے گی، لیکن پرندہ بیچارہ دعا کے بارے میں کیا جانتا ہوگا؟ اسی طرح دوسرے جانوروں کو دعا کا کیا علم ہوگا؟ اس خاکسار کا اپنا خیال یہ ہے کہ جب آپ اللہ کی مخلوق میں سے کسی کی مدد کرتے ہیں یا کسی کا دل خوش کرتے ہیں تو اس کا اجر آپ کو ملتا ہے، بیشک کوئی منہ سے دعائیہ کلمات کہے یا نہ کہے، اسی طرح آپ جو بھی اچھا کام کرتے ہیں جس سے آپ کا ضمیر مطمئن ہو جائے تو اس کا اجر بھی ملتا ہوگا لیکن ہمارے ہاں یہ جو دعاوں کا کاروبار چل پڑا ہے۔ آپ جہاں بھی گاڑی روکتے ہیں تو وہاں کوئی دعائیں دیتا/دیتی مانگنے کو آ ٹپکتے ہیں اور دس بار انکار کے باوجود بھی پیچھے نہیں ہٹتے۔ ان کی دعاں کے بارے میں کیا کہا جائے؟ اسی طرح ہر علاقے میں کچھ پیروں نے بھی دعاں کا کاروبار چلا رکھا ہے، جن کے پاس بہت دور دور سے لوگ دعائیں لینے آتے ہیں، ان مریدوں میں کئی لوگ سوزوکی کیری ڈبہ میں بھی آتے ہیں جس کے پیچھے پہلے ہی یہ لکھا ہوتا ہے کہیہ سب میرے ماں باپ کی دعا ہے لیکن وہ پھر بھی ماں باپ کو گھر چھوڑ کر کسی آستانے پر دعا لینے پہنچ جاتے ہیں۔ پاکستان کی اکثر چھوٹی بڑی سڑکوں پر گداگری کا روپ دھارے خواتین معصوم بچوں کو اٹھائے کھڑی ہوتی ہیں اور ہر آنے جانے والے کو بچہ دکھا کر بھیک کا سوال کرتی ہیں . تو کیا یہ سب بچے بھی ہمیں دعا دیتے ہیں؟ میرے خیال میں تو یہ معصوم اور مظلوم بچے خود دعا کے منتظر ہوں گے کہ کوئی بندے دا پتر حکمران آئے اور ہمارے حال کے اوپر رحم کرے، وہ سوچتے تو ہوں گے کہ ہم کس ملک میں پیدا ہو گئے ہیں؟ ان بچوں کا ریاست پر اور ہم سب پر کیا حق ہے . یہ بہت بڑا سوال ہے۔ یہ خاکسار پہلے بھی متعدد باران بچوں کے حوالے سے لکھ کر حکمرانوں کی توجہ اس طرف مبذول کروا چکا ہے . یہ چند ماہ سے دو برس تک کے بچے جو ہر طرح کے موسم میں سارا دن سڑکوں پر رہتے ہیں ان پر کسی کو ترس نہیں آتا۔ اس طرح تو جانوروں کے بچوں کے ساتھ بھی سلوک نہیں کیا جانا چاہیے چہ جائیکہ ہمارے اپنے یعنی انسانوں کے بچوں پر اس طرح ظلم ہوتا دیکھ کر سب آنکھیں بند رکھیں، شایدان بچوں کی وجہ سے ہماری سب کی دعائیں غارت جارہی ہیں۔ آخر میں اس خاکسار کا مشورہ ہے کہ دعاں، عمروں اور عبادتوں کے ساتھ ساتھ محنت اور سوچ سے بھی کام لیا جائے اور سب سے زیادہ اجتماعی طور پر اپنے اعمال کا جائزہ لیا جائے، جہاں بڑے بڑے عالم اجتماعی دعاں کا اہتمام کرتے ہیں وہاں اجتماعی سوچ اور اجتماعی اعمال پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے۔

شوبز SHOWBIZ

حمزہ علی عباسی کی ٹی وی ڈرامہ کے ساتھ شوبز میں واپسی

اداکار پاکستان کے متعدد ڈراموں اور فلموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف اداکار حمزہ علی عباسی کی ٹی وی ڈرامے جان جہاں کے ذریعے سکرین پر واپسی ہو رہی ہے۔ اداکار نے انسٹاگرام پر مداحوں کو اپنی واپسی کی خبر سے آگاہ کرتے ہوئے اپنے نئے ڈرامے کا ٹیزر بھی شیئر کیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ مجھے اپنے آنے والے پروجیکٹ جان جہاں کو آپ کے سامنے لانے پر خوشی محسوس ہو رہی ہے، جسے ردا بلال نے لکھا اور قاسم علی مرید نے ڈائریکٹ کیا ہے۔ اداکار نے مزید لکھا کہ میرے نئے ڈرامے کو ثمینہ ہمایوں سعید اور ثنا شاہنواز نے پروڈیوس کیا ہے۔

غیر اخلاقی ویڈیوز لیک ہونے پر حریم شاہ اور ان کے شوہر کا مقف سامنے آ گیا

غیر اخلاقی ویڈیوز قریبی دوست صندل خٹک اور عائشہ ناز نے موبائل چوری کر کے لیک کیں

لاہور (شوبز نیوز) معروف ٹک ٹاکر حریم شاہ اور ان کے شوہر کا غیر اخلاقی ویڈیوز لیک ہونے پر موقف سامنے آ گیا۔ معروف ٹک ٹاکر حریم شاہ نے الزام لگایا ہے کہ ان کی لیک ہونے والی غیر اخلاقی ویڈیوز قریبی دوست صندل خٹک اور عائشہ ناز نے موبائل چوری کر کے لیک کیں۔ گزشتہ روز سوشل میڈیا پر ٹک ٹاکر حریم شاہ کی کچھ غیر اخلاقی ویڈیوز منظر عام پر آئی تھیں جو کہ وائرل ہو گئیں۔ تاہم اب مراکش میں مقیم حریم شاہ نے ان ویڈیوز کے اصلی اور ذاتی ہونے کا اعتراف کیا۔ حریم نے بتایا کہ یہ ویڈیوز کچھ سال قبل میں نے خود اپنے موبائل سے بنائی تھیں، ان میں سے ایک کراچی میں موجود گھر میں بنائی گئی جبکہ دوسری اسلام آباد میں بنائی گئی تھی لیکن چونکہ اس وقت صندل اور عائشہ میرے ساتھ رہ رہی تھیں تو انہوں نے میرا موبائل چوری کر کے ویڈیوز محفوظ کر لی تھیں۔ حریم شاہ کے مطابق ویڈیوز وائرل ہونے سے قبل ہی انہیں صندل اور عائشہ ناز کی جانب سے کئی دھمکیاں مل چکی تھیں کہ ہم تمہاری ویڈیوز وائرل کر دیں گے۔

حدیقہ کیانی سیلاب متاثرین کیلئے 100 گھر تعمیر کرنے میں کامیاب

حدیقہ کیانی کا کہنا تھا کہ سیلاب متاثرین میں بڑی تعداد میں حاملہ خواتین شامل تھیں

بلوچستان (شوبز نیوز) معروف گلوکارہ حدیقہ کیانی نے سیلاب متاثرین کے لیے 100 گھروں کی تعمیر مکمل کر لی۔ گزشتہ دنوں حدیقہ کیانی کی جانب سے ان کی سیلابی مہم وسیلہ راہ کے تحت بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 200 گھروں کی تعمیر کا اعلان کیا گیا تھا جس میں سے 100 گھروں کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے۔ گلوکارہ و اداکارہ حدیقہ کیانی نے گھروں کی افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کی مہم کا حصہ بننے والوں کا شکریہ ادا کیا۔ گلوکارہ نے بتایا کہ ان کی مہم کے تحت 100 گھروں کی تعمیرات مکمل کر لی گئی ہے۔

بھارتی اداکارہ سمانتھا روتھ پربھو شوٹنگ کے دوران زخمی ہو گئیں

رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ سمانتھا ان دنوں مارشل آرٹ کی بھی ٹریننگ کر رہی ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) تامل اور تیلگو فلموں میں نظر آنے والی بھارتی اداکارہ سمانتھا روتھ پربھو خطرناک ایکشن سینز کی ٹریننگ کے دوران گر کر زخمی ہو گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ سمانتھا روتھ امریکن سیریز کے بھارتی ورژن کی شوٹنگ کے دوران ایکشن سینز کرتے ہوئے زخمی ہوئیں۔ دوران شوٹنگ اداکارہ کے ہاتھ پر چوٹ لگی جس کی تصویر انہوں نے انسٹاگرام پر ایکشن کرنے کے فائدے کے عنوان کے ساتھ شیئر کی۔ رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ سمانتھا ان دنوں مارشل آرٹ کی بھی ٹریننگ کر رہی ہیں کیونکہ وہ جس امریکن سیریز پر کام کر رہی ہیں۔

سجل علی نے گانا گا کر ملکہ ترنم میڈم نور جہاں کی یاد تازہ کر دی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ سجل علی نے ملکہ ترنم کی آواز میں گانا گا کر اپنے مداحوں کو حیران کر دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے اداکارہ سجل علی نے جمائما گولڈ سمتھ کے ساتھ اپنی نئی فلم اور شوبز کیریئر پر گفتگو کی۔ اداکارہ نے انٹرویو میں میزبان کی فرمائش پر عاطف اسلم کا گانا دل دیاں گلاں اور میڈم نور جہاں کا گانا نیت شوق بھر نہ جائے کہیں سنایا۔ واضح رہے کہ سجل علی اس سے قبل پاکستانی گلوکار ساحر علی بگا کے ساتھ بھی ایک ٹی وی ڈرامے کیلئے گیت گا چکی ہیں۔

اس وقت سنگل ہوں، ارینج میرج پر کوئی اعتراض نہیں: آئمہ بیگ

حال ہی میں معروف گلوکارہ نے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شرکت کی

لاہور (شوبز نیوز) معروف پاکستانی گلوکارہ آئمہ بیگ نے کہا ہے کہ میں اس وقت سنگل ہوں، میں نے اب اپنی زندگی کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئمہ بیگ ایک انتہائی باصلاحیت اور شاندار پاکستانی گلوکارہ ہیں، انہوں نے دنیا ٹی وی کے مقبول شو مذاق رات کی شریک میزبانی سے شہرت حاصل کی جس میں وہ ہٹ گانوں کو کور کرتی تھیں۔ بعد ازاں آئمہ بیگ کو ساحر علی بگا اور شیراز اپل جیسے نامور گلوکاروں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا اور انہوں نے لاہور سے آگے، نہ معلوم افراد 2 جیسی مشہور فلموں کے لئے بھی گانے گائے۔

جیکولین منی لانڈرنگ میں ملوث نہیں، سکیش اداکارہ کے حق میں بول پڑے

جیکولین کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے، میں اس کے تحفظ کیلئے موجود ہوں

ممبئی (شوبز نیوز) کروڑوں کی منی لانڈرنگ کیس میں گرفتار ملزم سکیش چندرا شیکھر نے بیان دیا ہے کہ بھارتی اداکارہ جیکولین فرنینڈس کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عدالت میں پیشی کے موقع پر ملزم سکیش کا کہنا تھا کہ جیکولین کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے، میں اس کے تحفظ کیلئے موجود ہوں۔ سکیش چندرا شیکھر کا کہنا تھا کہ بالی وڈ اداکارہ نورا فتحی نے ان کو جیکولین فرنینڈس کے خلاف بھڑکایا تھا۔ ملزم کا کہنا تھا کہ جیکولین اور میں ایک سنجیدہ تعلق میں تھے اور میں نے نورا فتحی کو نظر انداز کرنا شروع کیا، پھر نورا نے مجھے تنگ کرنا شروع کیا اور کہا کہ میں ان کے ایک رشتے دار کو میوزک پروڈکشن کمپنی بنا کر دوں۔ واضح رہے کہ جیکولین فرنینڈس پر الزام ہے۔

SPORTS سپورٹس

پی ایس ایل: 8 ٹاپ بالر اور بیٹر کا اعزاز اب تک ملتان سلطانز کے پاس

اسی طرح بیٹرز اور وکٹ کیپنگ میں بھی ملتان سلطانز کے محمد رضوان کا پہلا نمبر ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل 8 (کے ٹاپ بالر اور بیٹر کا اعزاز اب تک ملتان سلطانز کے کھلاڑیوں کے پاس ہے۔ ملتان سلطانز کے نوجوان فاسٹ بالر احسان اللہ نے لاہور قلندرز کے شاہین آفریدی، حارث رف، اسلام آباد یونائیٹڈ کے حسن علی، شاداب جبکہ کوئٹہ کے محمد حسنین سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ احسان اللہ نے پی ایس ایل 8 میں اب تک 6 میچز میں 14 شکار کر کے سب سے زیادہ وکٹوں کے ساتھ فضل محمود کیپ پر قبضہ جما لیا ہے، ان کی بہترین بالنگ 12 رنز کے عوض 5 وکٹیں ہیں۔ اسی طرح بیٹرز اور وکٹ کیپنگ میں بھی ملتان سلطانز کے محمد رضوان کا پہلا نمبر ہے، وہ 6 میچز میں 358 رنز کے ساتھ پہلے نمبر پر رہتے ہوئے حنیف محمد کیپ پر قابض ہیں۔ اسی طرح محمد رضوان 7 کیچز کے ساتھ فیلڈنگ میں بھی سب سے آگے ہیں۔

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل 8 (کے ٹاپ بالر اور بیٹر کا اعزاز اب تک ملتان سلطانز کے کھلاڑیوں کے پاس ہے۔ ملتان سلطانز کے نوجوان فاسٹ بالر احسان اللہ نے لاہور قلندرز کے شاہین آفریدی، حارث رف، اسلام آباد یونائیٹڈ کے حسن علی، شاداب جبکہ کوئٹہ کے محمد حسنین سب کو پیچھے چھوڑ دیا احسان اللہ نے پی ایس ایل 8 میں اب تک 6 میچز میں 14 شکار کر کے سب سے زیادہ وکٹوں کے ساتھ فضل محمود کیپ پر قبضہ جما لیا ہے، ان کی بہترین بالنگ 12 رنز کے عوض 5 وکٹیں ہیں۔

دی ہنڈرڈ پلیئرز ڈرافٹ: بابر، رضوان اور شاہین شاہ مہنگے ترین کھلاڑی

پاکستان کے دیگر کھلاڑی ہنڈرڈ کے ڈرافٹ میں بغیر کسی ریزرو پرائس کے رجسٹرڈ ہیں

لاہور (شوبز نیوز) انگلش کرکٹ بورڈ نے رواں برس ہونے والے دی ہنڈرڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پلیئرز ڈرافٹ کیلئے پاکستان سے 58 مرد اور 8 خواتین کرکٹرز کی رجسٹریشن کی ہے۔ مینز ہنڈرڈ میں شاہین آفریدی، کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان کو ایک لاکھ پانڈ کی ریزرو پرائس کے ساتھ جبکہ محمد عامر، حارث رف اور نسیم شاہ کو 60 ہزار پانڈ کی ریزرو پرائس کے ساتھ مقرر کیا گیا ہے، پاکستان کے شاداب خان کو برمنگھم فونیکس کے سکواڈ میں برقرار رکھا گیا تھا۔ مینز ہنڈرڈ ڈرافٹ کیلئے حسن علی، فہیم اشرف اور فخر زمان کی 50 ہزار، حفیظ اور عماد وسیم کی ریزرو پرائس 40 ہزار پانڈ طے کی گئی ہے۔ پاکستان کے دیگر کھلاڑی ہنڈرڈ کے ڈرافٹ میں بغیر کسی ریزرو پرائس کے رجسٹرڈ ہیں، بغیر ریزرو پرائس کے رجسٹرڈ پلیئرز میں ابرار احمد، سرفراز احمد، عمر اکمل، آصف علی، حیدر علی، صائم ایوب، شاہنواز دھانی، عماد بٹ، محمد حسنین، محمد حارث، اعظم خان، شرجیل خان، صہیب مقصود، شان مسعود۔

حسن علی آٹ کر کے "جنریٹر" کیوں نہیں چلاتے، شاداب خان نے وجہ بتا دی

لاہور (سپورٹس نیوز) حسن علی آٹ کرنے کے بعد اب جنریٹر کیوں نہیں چلاتے، اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان نے اس کی وجہ بھی بتا دی۔ لاہور میں اپنے ایک انٹرویو میں شاداب خان نے کہا کہ حسن علی آٹ کرنے کے بعد جنریٹر نہیں چلاتا کیوں کہ بجلی بہت مہنگی ہو گئی ہے، حسن علی سولر والی سیلبریشن بھی نہیں کر سکتا کیونکہ ڈالر کی وجہ سے وہ بھی مہنگا ہو گیا ہے، فہیم اشرف کو ہم بتا رہے ہیں کہ شادی شدہ اور کنوارے میں کیا فرق ہوتا ہے؟ اسے ہم نے اس لئے اکیلا رکھا ہوا ہے تا کہ وہ شادی کر لے۔ شاداب خان نے مزید کہا کہ مجھے حیرانگی ہوتی ہے جب دنیا کے بڑے کھلاڑی اور لیڈر کپتان پر تنقید ہوتی ہے، پاکستان کا سب سے بڑا کھلاڑی بابر اعظم ہے، بابر اعظم ایک ہیرا ہے ہم اس کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں، اسے ہم بہت پریشر میں ڈال رہے ہیں، پوری دنیا میں بابر اعظم کو عزت ملتی ہے ہمیں بھی اسے عزت دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال ہمارا ٹاپ آرڈر فارم میں تھا لیکن پریشر میچز میں ہم اچھا پرفارم نہیں کر سکے، اسلام آباد یونائیٹڈ کا کمبی نیشن بہترین ہے، اعظم خان پی ایس ایل کے پچھلے سیزن میں اچھا کھیلا اور اس مرتبہ بھی بہترین رہا، اعظم خان کو جب ٹیم میں شامل نہیں بھی کیا تھا۔

کوشش ہے کہ پہلے اوور کی پرفارمنس برقرار رکھوں: شاہین آفریدی

میری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنی بہترین کرکٹ کھیلوں، لاہور قلندرز کے کپتان

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ میں لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ میں پی ایس ایل میں بہت الرٹ ہوں، میرا کرکٹ میں اچھا کم بیک ہوا ہے، کوشش ہے کہ پہلے اوور کی پرفارمنس برقرار رکھوں۔ شاہین نے کہا کہ میں ایک وقفے کے بعد کھیل رہا ہوں، میری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنی بہترین کرکٹ کھیلوں، پھر چاہے ڈومیسٹک ہو یا کلب کرکٹ۔ انہوں نے پشاور زلمی کے خلاف میچ میں محمد حارث کا بیٹ توڑنے کے بعد انہیں بولڈ کرنے اور پھر کپتان بابر اعظم کو بولڈ کرنے کے حوالے سے کہا کہ کوشش یہی ہے۔

ٹی 20 کرکٹ میں کم ترین سکور کا نیا ریکارڈ قائم، مخالف ٹیم نے 2 گیندوں پر ہدف عبور کر لیا

ڈلس (سپورٹس نیوز) ٹی 20 کرکٹ کی تاریخ میں نیا ریکارڈ قائم ہو گیا، 10 رنز پر پوری ٹیم ہی آٹ ہو گئی جبکہ مخالف ٹیم نے محض 2 گیندوں پر ہدف عبور کرتے ہوئے میچ جیت لیا۔ حیران کن واقعہ کارٹاگینا کے گراؤنڈ میں آئل آف مین اور سپین کے درمیان کھیلے جانے والے انٹرنیشنل ٹی 20 میچ کے دوران پیش آیا، آئل آف مین کی پوری ٹیم 8.4 اوورز کھیلتے ہوئے۔

کراچی کا آج پشاور سے ٹاکرا: عماد ٹورنامنٹ میں کم بیک کیلئے پرعزم

ٹیم سلیکشن میں کچھ غلطیاں ہوئی ہیں، ٹورنامنٹ کا اختتام بہتر طریقے سے کریں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) کراچی کنگز کا آج پشاور زلمی سے ٹاکرا ہوگا جبکہ کراچی کے کپتان عماد وسیم ٹورنامنٹ میں کم بیک کیلئے پرعزم ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عماد وسیم نے کہا کہ آخری میچ جیتنے کے بعد کافی ایڈوانٹیج ملا ہے ورنہ ہم ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیم سلیکشن میں کچھ غلطیاں ہوئی ہیں، ٹورنامنٹ کا اختتام بہتر طریقے سے کریں گے، آخری میچ میں کامیابی کیساتھ کم بیک کیا ہے، چھوٹے مارجن سے میچ ہارے ہیں جبکہ بڑے مارجن سے میچ جیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہوں، نوجوان کھلاڑیوں کے لئے پی ایس ایل اچھا پلیٹ فارم ہے، ڈومیسٹک میں اچھی پرفارمنس دینے کے بعد پی ایس ایل میں طیب طاہر اچھی پرفارمنس دے رہے ہیں، ان کے لئے انٹرنیشنل کرکٹ کے دروازے کھلے ہیں، ملتان سلطانز کا احسان اللہ اچھی بالنگ کروا رہا ہے۔ کپتان کراچی کنگز نے کہا کہ ہوم گراونڈ اور ہوم کراڈ بارہواں کھلاڑی ہوتا ہے، کراڈ کے پریشر میں بھی مزہ آتا ہے، قاسم اکرم مستقبل کا سرمایہ ہیں، اس کی جگہ عرفان نیازی کو لے آئے ہیں۔ عماد وسیم نے کہا کہ ہم دو تین سال سے پنڈی میں میچ کھیل رہے ہیں، پنڈی کرکٹ سٹیڈیم کی وکٹ ٹی 20 میچز کے لئے بہترین ہوتی ہے، چھکے چوکوں کی برسات ہوگی تو شائقین کرکٹ خوش ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران طاہر اور تبریز شمسی کو ٹیم کا حصہ بنانا چاہتے تھے تاہم پہلے میچوں میں عمران طاہر کو موقع دیا گیا۔ عماد وسیم نے کہا کہ تمام فیصلوں کی ذمہ داری لیتا ہوں تاہم کوچز کیساتھ بھی مشاورت کرتا ہوں۔

پی ایس ایل 8، راولپنڈی کے میچز میں سپائیڈر کیم کی سہولت میسر نہیں ہوگی

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ 8 کے راولپنڈی میں ہونے والے میچز میں سپائیڈر کیم کی سہولت میسر نہیں ہوگی۔ ذرائع کے مطابق براڈ کاسٹرز نے سپائیڈر کیم راولپنڈی سٹیڈیم میں نہ لگانے کے فیصلے سے پی سی بی کو آگاہ کر دیا۔ یہ بھی پڑھیں: شاندار بالنگ ! ڈیل سٹین بھی شاہین آفریدی کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے براڈکاسٹرز نے موقف اختیار کیا ہے کہ سٹیڈیم میں پتنگیں کٹ کر گرتی ہیں، دھاتی ڈور سے سپائیڈر کیم کی تاریں ٹوٹ جاتی ہیں، نقصان ہو سکتا ہے۔

بابر نے خود شاہین کا سامنا کیوں نہ کیا؟، سائمن ڈول نے سوال اٹھا دیا

کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دبا کا سامنا کرنے کیلئے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟

لاہور (سپورٹس نیوز) بابر اعظم نے خود شاہین شاہ آفریدی کا سامنا کرنے سے گریز کیوں کیا؟ سائمن ڈول نے سوال اٹھا دیا۔ اتوار کے روز کھیلے جانے والے میچ میں لاہور قلندرز کے کپتان نے دوسری ہی گیند پر محمد حارث کو بولڈ کر دیا تھا، کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دبا کا سامنا کرنے کیلئے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟ بابر اعظم نے خود یہ چیلنج قبول کیوں نہیں کیا؟، اس طرح کی باتیں اوپنرز کریز پر آنے سے قبل آپس میں کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ بعد ازاں بابر اعظم خود بھی لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی کا شکار بن گئے تھے۔

بابر اعظم نے خود شاہین شاہ آفریدی کا سامنا کرنے سے گریز کیوں کیا؟ سائمن ڈول نے سوال اٹھا دیا۔ اتوار کے روز کھیلے جانے والے میچ میں لاہور قلندرز کے کپتان نے دوسری ہی گیند پر محمد حارث کو بولڈ کر دیا تھا، کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دبا کا سامنا کرنے کیلئے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟ بابر اعظم نے خود یہ چیلنج قبول کیوں نہیں کیا؟

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 02 مارچ 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 مارچ 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، بجیال فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، اسلام آبا فیڈل، جھٹہ ہتھیال، پنڈ جاتلہ، لیب۔ II & I، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کمیپ، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر، ایف بی آر نے جاری مالی سال کے پہلے 8 مہینوں میں 4,493 ارب روپے اکٹھے کیے جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں یہ حجم 3,820 ارب روپے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی مدت جس میں سال بہ سال 18 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ایف بی آر نے مالی سال 23 کی تیسری سہ ماہی کے دوران متاثر کن کارکردگی دکھانا جاری رکھا ہے جو کہ نظر ثانی شدہ 7640 ارب روپے کی سالانہ بجٹ ریونیو کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے اپنے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ 2

کرے گا، حکومت کی محنت میں کوئی شک نہیں، امید ہے چند دنوں میں معاشی استحکام کی طرف گامزن ہو جائیں گے، بزنس کمیونٹی کو یقین دلاتا ہوں مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کروں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے تحت بزنس رول ماڈل ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد چیمبر ملک کے تمام چیمبرز میں سے خوبصورت ہے، چیمبر کو یقین دلاتا ہوں کہ مل بیٹھ کر تاجر برادری کے مسائل حل کرنے میں کردار ادا کروں گا، بزنس کمیونٹی کے بغیر کوئی معاشرہ مکمل نہیں ہوسکتا

بقیہ 3

قانون پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیراعلی پنجاب بعض شہروں میں پتنگ بازی کے واقعات پر برہمی کا اظہار کیا۔ نگران وزیراعلی نے کہا کہ پتنگ بازی کے نتیجے میں کسی بھی انسانی جان کا ضیاع برداشت نہیں کیا جائے گا پولیس ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی یقینی بنائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پتنگ بازی کی مانیٹرنگ کیلئے ڈرون اور دیگر جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے قصور اور دیگر اضلاع میں متوقع پتنگ بازی کے سدباب کیلئے پیشگی اقدامات کئے جائیں

بقیہ 4

اہم ترین دن ہے، معاشی، سماجی وسیاسی استحکام ملے گا یا ملک سیاسی انتشار وخلفشار میں چلا جائے گا، سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے آئی ایم ایف نے 98 جیسی 4 مزید سخت شرائط کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موڈیز نے ریٹنگ بھی کم کردی اور ڈیفالٹ کے خطرے کی گھنٹی بھی بجا دی ہے، سیلز ٹیکس بھی 17 سے 18 فیصد کر دیا گیا ہے، ایل پی جی بجلی مہنگی اور پیٹرول نایاب ہونے جارہا ہے، پاکستان غریب کے لیے بڑی جیل اور ڈیتھ زون بنتا جا رہا ہے، کوئی سمندر، کوئی سڑک پر اور کوئی گھر پر بھوک کا مارا مر رہا ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ 10 مہینے میں حکومت کی کوئی کارکردگی سوائے اپنے کیس ختم کرانے کے کچھ نہیں، ججوں کو تقسیم کرنے کی 1998ء جیسی سازش ہورہی ہے، ملک 98 کے حالات میں جا رہا ہے۔ بعدازاں سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد نہ ہوا تو ملک میں خون خرابہ ہوگا۔

بقیہ 5

قابل سماعت ہونے پر اعتراض فیصلے میں 5 رکنی بینچ کے دو ممبران نے درخواستوں کے قابل سماعت ہونے پر اعتراض کیا، جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال مندوخیل نے فیصلے سے اختلاف کیا۔ سپریم کورٹ کا کہنا ہے کہ جنرل انتخابات کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے، آئین میں انتخابات کے لیے 60 اور 90 دن کا وقت دیا گیا ہے، اسمبلی کی تحلیل کے بعد 90 روز میں انتخابات ہونا لازم ہیں، پنجاب اسمبلی گورنر کے دستخط نہ ہونے پر 48 گھنٹے میں خود تحلیل ہوئی جبکہ کے پی اسمبلی گورنر کی منظوری پر تحلیل ہوئی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے

بقیہ 6

اداروں کی تضحیک کے الزام پر 10 مارچ کو طلب کر لیا ہے، عدالت نے ایس ایس پی سکھر اور ایف آئی اے افسران کو طلب کر لیا۔ تحریک انصاف سکھر کے ضلعی صدر ظہیر بابر نے مریم نواز کیخلاف عدالت میں درخواست دائر کی جس میں انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ سنیئر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نواز نے اپنی تقریر میں اداروں کیخلاف تضحیک آمیز گفتگو کی۔ یاد رہے کہ مریم نواز نے سرگودھا جلسے میں خطاب میں کہا تھا کہ اسٹیبلشمنٹ نے عمران خان کا بدبودار ٹوکرا اتار پھینکا تو ان دو تین ججز نے اٹھا لیا، 5 کے ٹولے کے سرغنہ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید نے خود ہی اپنے آپ کو آرمی چیف مقرر کر لیا تھا، اس نے چیف بننا تھا

بقیہ 7

ہوئے۔ ججز تعیناتی کے خلاف وزیراعلی گلگت بلتستان نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا اور بدھ کے روز سماعت کے موقع پر وفاقی حکومت نے جواب دینے کے لیے مزید وقت مانگا۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ جواب دینے کے لیے ایک ہفتے کی مہلت دی جائے اس پر وزیراعلی جی بی کے وکیل مخدوم علی خان نے مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ایک سال سے مقدمہ زیر التوا ہے، کیس عدالت میں ہے پھر بھی ججز تعیناتیاں کی جارہی ہیں۔ جسٹس مظاہر نے استفسار کیا کہ کیا

بقیہ 8

کہ حقائق سب کے سامنے ہیں، 9 ججز سے از خود نوٹس شروع ہوا تھا، 23 فروری کو بینچ کے دو ممبران نے پٹیشن کو مسترد کیا، آج پھر دو ججز نے پٹیشن کو مسترد کر دیا ہے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ فیصلہ واضح ہے نظرثانی یا تشریح کی بات نہیں کریں گے، سپریم کورٹ فیصلے پر نظرثانی کی ضرورت نہیں۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ کوئی ہار جیت کی بات نہیں، آئینی معاملے پر بحث چھڑ گئی، دو ججز نے رضاکارانہ خود کیس سے الگ کر لیا۔ سوموٹو کا اختیار اس لیے نہیں ہونا چاہیے کیونکہ کیس لاہور ہائیکورٹ میں ہے

بقیہ 9

گرفتاری کیلئے کارروائی کی گئی۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی پیشی کے موقع پر جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں توڑ پھوڑ کا مقدمہ درج کیا گیا۔ مقدمہ 353/ 7ATA اور دیگر دفعات کے تحت درج کیا گیا، ہجوم میں سے کلاشنکوف اور دیگر اسلحہ سمیت افراد کو حراست میں لیا گیا۔ ایک منصوبے کے تحت جوڈیشل کمپلیکس اور ہائی کورٹ پر حملے کی کوشش کی گئی، پچیس افراد گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ جبکہ دیگر افراد کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ گرفتاریوں کے لئے مختلف صوبوں میں پولیس ٹیمیں روانہ کردی گئیں، سیاسی جماعت کے رہنما ہجوم کی قیادت کر رہے تھے جنہوں نے عوام کو نقصان کے لئے اکسایا اور توڑ پھوڑ کے لئے آمادہ کی۔ جوڈیشل کمپلیکس میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا گیا جبکہ پولیس نے حکمت عملی سے ہائی کورٹ میں ایسے کسی ممکنہ اقدام کو روکا۔ جبکہ سابق وزیر اعظم عمران خان جوڈیشل کمپلیکس میں انسداد دہشتگردی عدالت اور بینکنگ کورٹ میں پیشی کے موقع پر پولیس کی بھاری نفری ایف ایٹ کچہری کے اندر اور باہر تعینات کی گئی تھی۔

بقیہ 10

کا معائنہ کیا۔ کارروائیوں کے دوران محکمہ لائیوسٹاک کے ویٹرنری سپروائزر نعیم الحسن بھی ہمراہ تھے، دودھ کا لائیو سٹاک کی جدید موبائل لیبارٹری کے ذریعے تجزیہ کیا گیا اور ملاوٹ شدہ دودھ تلف کر دیا گیا

بقیہ 11

الیکشن ازخودنوٹس کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبرپختونخوا اسپیکرز کی درخواستیں منظور کرلیں۔ چیف جسٹس عمرعطابندیال نے کہا ہے کہ بینچ کے اکثر جج نے درخواست گزاروں کو ریلیف دیا۔ ہمارے سامنے اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد تاریخ کا معاملہ آیا۔ آئین عام انتخابات سے متعلق وقت مقرر کرتا ہے۔ گورنر کی منظوری نہ ہونے پر پنجاب اسمبلی 48 گھنٹوں میں تحلیل ہوئی، عدالت نے 90 روز میں انتخابات سے متعلق درخواستیں منظور کرلیں۔ سپریم کورٹ میں فیصلہ تین دو کے تناسب سے سامنے آیا۔ سپریم کورٹ کے مطابق خیبرپختونخوا اسمبلی کی صورتحال مختلف ہے۔ پارلیمانی جمہوریت آئین کا سیلینٹ فیچر ہے۔ جمہوریت میں پارلیمانی نظام ایک اہم ستون ہے۔ اگر گورنر اسمبلی تحلیل کرے تو تاریخ کا اعلان بھی خود کرسکتا ہے۔ ایسی صورتحال خیبرپختونخوا اسمبلی میں ہوئی اور گورنر نے اسمبلی ختم کردی۔ جب گورنر کی جانب سے اسمبلی تحلیل نہ کی ہو تو پھر بھی مقررہ وقت میں الیکشن کرانا لازمی ہے۔ خیبرپختونخوا کی حد تک گورنر انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرسکتا ہے۔ الیکشن کمیشن ایکٹولی گورنر اور صدر کے ساتھ ایڈوائس کا کردار ادا کرنے کا پابند ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے انتخابات کا اعلان نہ کرکے آئین کی خلاف ورزی کی۔ صدر نے 9 اپریل کو انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا۔ اس صورتحال میں الیکشن کمیشن نے اپنا کردار ادا نہ کیا۔ وفاق کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ انتخابات کرانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ 9 اپریل کو انتخابات ممکن نہیں تو مشاورت کے بعد پنجاب میں تاریخ بدلی جاسکتی ہے۔ یہ وفاق کی ڈیوٹی بھی ہے کہ وفاق کی ایگزیکٹو اتھارٹیز الیکشن کمیشن کی مدد کرے گا

بقیہ 12

تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبرپختونخوا الیکشن ازخودنوٹس کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبرپختونخوا اسپیکرز کی درخواستیں منظور کرلیں۔ چیف جسٹس عمرعطابندیال نے کہا ہے کہ بینچ کے اکثر جج نے درخواست گزاروں کو ریلیف دیا۔ ہمارے سامنے اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد تاریخ کا معاملہ آیا۔ آئین عام انتخابات سے متعلق وقت مقرر کرتا ہے۔ گورنر کی منظوری نہ ہونے پر پنجاب اسمبلی 48 گھنٹوں میں تحلیل ہوئی، عدالت نے 90 روز میں انتخابات سے متعلق درخواستیں منظور کرلیں۔ سپریم کورٹ میں فیصلہ تین دو کے تناسب سے سامنے آیا۔ جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال خان مندوخیل کے اختلافی نوٹ کے مطابق پہلے سے 2 درخواستیں موجود تھیں، پہلے سے موجود درخواستوں کو جلدی سننے کی کوشش کی گئی، ظہور الہی اور بے نظیر بھٹو کیس کے فیصلے اس بارے میں واضح ہے۔ جب ایک درخواست موجود ہو تو پھر اس کیس میں جلدی نہ ہو، ظہور الہی اور بے نظیر بھٹو کیس کے فیصلے اس بارے میں واضح ہیں، منظور الہی اور بے نظیر کیس کے مطابق ازخودنوٹس لینا نہیں بنتا۔ ہائیکورٹس میں اسی طرح کا کیس زیر سماعت ہے۔ 90 روز میں انتخابات کرانے کی درخواستیں مسترد کی جاتی ہیں۔ سپریم کورٹ ایک اپیکس کورٹ ہے اس کو ان معاملات میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ سپریم کورٹ کی ایسی مداخلت صوبائی خود مختاری میں مداخلت ہے۔ 23 فروری کو جسٹس یحیٰ آفریدی اور اطہرمن اللہ نے جو نوٹ دیا اس پر ہم مطمئن ہیں

بقیہ 13

مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر کوثر، شاہد منیر، پروفیسر ڈاکٹر کامران، ڈاکٹر ریحان صادق، ڈاکٹر طیب احسان و بیرون ممالک سے ڈاکٹرز اور طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مقررین کی جانب سے نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کی طبی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ اس ادارہ سے تیس سال سے زائد کے عرصہ کا رشتہ ہے۔ ماضی میں بھی مافیا کے خلاف جہاد کیا تھا۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ نیب کا سامنا کرنا پڑا لیکن اسی ادارے نے بعد میں سول ایوارڈ کیلئے سفارش کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ ہماری تمام تر کوششوں کا فائدہ عام آدمی کو ہونا چاہیئے۔ ایسی کانفرنسز لازمی ہونی چاہئیں۔ عام آدمی کو ریلیف دینے کیلئے صحت کے شعبہ میں اصلاحات کی اشد ضرورت ہے۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کانفرنس کے انعقاد پر سنٹر فار ایکسی لینس ان مولیکیولر بائیولوجی کے منتظمین کو مبارکباد دی اور اس موقع پر مقررین کے درمیان یادگاری شیلڈز بھی تقسیم کیں۔

بقیہ 14

کے ذریعے کویت پاکستان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منائی، دفتر خارجہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا کہ پاکستان برادر ملک کویت کے ساتھ باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں بالخصوص صحت، ہنرمند افرادی قوت، آئی ٹی، خوراک اور سلامتی کے شعبوں میں تعلقات بڑھانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ پاکستان کویت انویسٹمنٹ کمپنی دونوں ممالک کے درمیان کاروبار کو منسلک کرنے اور مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک اہم قوت بنی ہوئی ہے، کویت میں موجود پاکستانی کمیونٹی نے تعاون کے بندھنوں کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

بقیہ 15

مطابق گرفتار ملزمان نے غیر قانونی مہاجرین کو خراب موسم کے باوجود کشتی میں سوار کر کے ترک شہر ازمیر سے اٹلی کیلئے روانہ کیا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان نے کشتی میں سوار مسافروں سے اٹلی پہنچانے کیلئے فی کس 8 ہزار 500 ڈالر وصول کیے تھے۔ یاد رہے کہ ترکیہ سے اٹلی جانے والے غیر قانونی مہاجرین کی کشتی سمندر میں چٹان سے ٹکرا کر ڈوب گئی تھی جس کے نتیجے میں پاکستانیوں سمیت 64 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ اٹلی کے حکام کے مطابق کشتی ڈوبنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں میں ایک بچہ بھی شامل ہے جبکہ ہلاک غیر قانونی مہاجرین کا تعلق پاکستان، افغانستان اور صومالیہ سے ہے۔ مانیٹرنگ گروپس کے اعداد و شمار کے مطابق 2014 سے اب تک 20 ہزار سے زائد افراد غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کے دوران حادثوں کا شکار ہو کر ہلاک یا سمندر میں لاپتہ ہو چکے ہیں۔

بقیہ 16

کے صدر اور ممبر ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی ابرار احمد خان نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ ابرار احمد خان نے ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی کی گزشتہ میٹنگ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر راولپنڈی مرضیہ سلیم نے پرائیویٹ سکولز کو شجر کاری مہم میں خصوصی طور پر شرکت کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے ادارے میں لازمی طور پر پودے لگائیں اور متعلقہ محکمہ کے افسران اس بات کی تصدیق کریں گے کہ انھوں نے حقیقتاً پودے لگائے ہیں۔ انھوں نے ہر تعلیمی ادارے لیے کم از کم 50 پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ مرضیہ سلیم نے کہا کہ چھوٹے پودے لگانے کی بجائے بڑے پودے لگانے کو ترجیح دی جائے تاکہ ان کی نشوونما اور نگہداشت بہتر انداز سے ہو سکے۔ ابرار احمد خان نے نجی سکولز مالکان کے نام ایک پیغام میں کہا کہ پودے لگانا ہی کافی نہیں ہے بلکہ انکی مناسب نگہداشت کرنا ہے۔

بقیہ 17

ہے کہ وہ ہمارے لئے حقوق کے حصول اور ہماری دہلیز پر بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے بہترین منصوبہ بندی کرے۔ پی بی ایس پہلے ہی 20 فروری 2023 کو خودشماری پورٹل https://self.pbs.gov.pk کا آغاز کر چکا ہے جو جنوبی ایشیا کے کسی بھی ملک میں فراہم کیا جانے والا پہلا پورٹل ہے۔ جس میں شہریوں کا خود کو رجسٹر کرنے اور پورٹل کے ذریعہ گنتی کرنے کے لئے زبردست کردار رہا ہے۔ خودشماری پورٹل کے ذریعے مردم شماری میں شہریوں کی شرکت غیر معمولی ہونے کے ساتھ ساتھ توقعات سے بھی بڑھ کر ہے۔ پی بی ایس شہریوں کی قابل قدر آراء کی بنیاد پر پورٹل کو مزید صارف دوست (User Friendly) بنانے کے لئے کوشاں ہے اور شہریوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مزید سہولت، معاونت اور تجاویز کے لئے ہمارے ٹول فری نمبر 575740800- کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کریں اور شکایات درج کروائیں۔ افتتاحی تقریب کے بعد چیف مردم شماری کمشنر ڈاکٹر نعیم الظفر اور ترجمان (پی بی ایس)/ممبر ایس ایس/آر ایم جناب محمد سرور گوندل نے مختصر میڈیا سے گفتگو کی جس میں میڈیا کو ڈیجیٹل مردم شماری کے پس منظر اور اب تک کی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کو سراہا گیا۔ خودشماری پورٹل کے تسلسل کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا گیا کہ مردم شماری کے مکمل آغاز کے دوران بھی یہی پیش رفت نظر آئے گی۔ یہ مردم شماری پاکستان کے تمام ڈھانچوں کو جیو ٹیگ کرے گی جو اقتصادی مردم شماری کے لئے فریم ورک فراہم کرے گی۔ 92,754 شمار کنندگان مکمل طور پر پرعزم ہیں اور گھر گھر جا کر فیلڈ کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں جس کا آغاز آج صبح پورے پاکستان میں کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 18

نے کہا کہ صوبائی انتخابات بارے سپریم کورٹ کا فیصلہ قانون اور انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی سیاسی اور آئینی بحران کی بنیاد نظریہ ضرورت اور پسند ناپسند کی بنیاد پر کیے گئے فیصلے ہیں، ممبران صوبائی اسمبلی کے ووٹ گنے بغیر انہیں ڈس کوالیفائی کرتے ہوئے آئین کی دستک سنائی دی نہ ریویو سنا گیا۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ اقتدار میں واپسی کیلئے عمران خان اور اس کے سہولت کاروں کی جلد بازی اور ضد ریاست کیلئے خطرہ بن گئی ہے، نواز شریف کیلئے سزائیں اور عمران کیلئے جزائیں انصاف کا خون ہے۔

بقیہ 19

سے لدے ہوئے 12 گاڑیوں کو تحویل میں لے لیا۔ ریجنل ٹیکس آفس پشاور کے مطابق چیف کمشنر آر ٹی او پشاور عقیل احمد صدیقی کی ہدایت پر ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے موبائل سکواڈ نگرانی پر مامور کئے گئے ہیں۔ موبائل سکواڈ نے گزشتہ روز سربند روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے ٹیکس سے مستثنیٰ علاقاجات جن میں سابق قبائلی علاقاجات شامل ہیں، سے باہر جانیوالے کروڑوں روپے کا مال تحویل میں لے لیا۔ ریجنل ٹیکس آفس کے مطابق ٹیکس سے مستثنیٰ علاقاجات سے بغیر ٹیکس جمع کئے باہر مال فروخت کرنا ممنوع ہے۔ تحویل میں لئے ہوئے خام سریا پر تقریباً 92 لاکھ سے زائد سیلز ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔

بقیہ 20

خواندگی اور غیر رسمی بنیادی تعلیم کے محکمے میں اسکول سے باہر بچوں (OOSC) کو بنیادی تعلیم اور نوعمروں/ بالغ ناخواندہ افراد کو زندگی کی مہارت کے ساتھ خواندگی فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں جس میں مالی سال 24 کے لیے محکمے کی اے ڈی پی اسکیموں کا حصہ بننے کے لیے تعاون اور مخصوص تجاویز پیش کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز (عوامی، نجی اور این جی اوز) پنجاب خواندگی اور غیر رسمی تعلیمی پالیسی 2019ء کے تحت 2030ء تک شرح خواندگی کو 84.5 فیصد تک بڑھانے کی اس کوشش میں شامل ہیں

بقیہ 21

نہ ہو یہ قانون لگے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ ٹیریان کیس میں کہتے ہیں عمران خان تو رکن قومی اسمبلی ہی نہیں، عمران خان نے جھوٹا بیان حلفی جمع کروایا، ٹیریان کی والدہ بیٹی کے قانونی حق کے لیے لاس اینجلس میں ماری ماری پھرتی رہی۔ انہوں نے کہا کہ آج جھوٹے بیان حلفی کے حوالے سے بھی بات ہوئی، قانونی بحث یہ ہے کہ جھوٹے بیان حلفی کی سزا کیا ہے؟ عطا تارڑ نے مزید کہا کہ عمران خان عدالتوں سے بھاگنے کے ماسٹر ہیں، عمران کے وکیل عدالت کا دائرہ اختیار چیلنج کرنے کے بجائے میرٹ پر دلائل دیں۔ واضح رہے کہ مبینہ بیٹی چھپانے پر عمران خان کی نااہلی کیس میں متفرق درخواست پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق کی سربراہی میں لارجر بینچ نے سماعت کی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار کے وکیل بدھ اور جمعرات کو اپنے دلائل مکمل کریں، پھر عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجہ کے دلائل سنیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت 8 مارچ تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 22

کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو پاک آرمی اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو ٹیم کی جانب سے ترکیہ اور شام کے زلزلے کے دوران کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 23

ہے جو ٹیبلیٹ کے ذریعے ہوگی۔ پہلے تین دن لسٹنگ کا کام ہوگا جس میں عمارتوں کو نمبرز لگائے جائیں گے، اس کے بعد گنتی کا عمل شروع ہو جائے گا جس میں ہر گھر سے ان کی تمام معلومات لی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام عملے کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور درکار معلومات صحیح فراہم کریں تاکہ بعد میں دشواری کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ دوران مردم شماری کسی بھی قسم کی شکایت یا ہنگامی صورت حال میں ڈپٹی کمشنر کنٹرول روم نمبر 0997310136 پر رابطہ کریں

بقیہ 24

پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تاریخ کا اعلان واپس لے کر ثابت کر دیا کہ انہوں نے غیر آئینی حکم جاری کیا تھا، صدر کے وکیل خود تسلیم کر رہے ہیں کہ عارف علوی نے اپنے آئینی اختیارات سے تجاوز کیا۔ انہوں نے کہا کہ صرف فیصلہ واپس لینا کافی نہیں، صدر کو اپنے غیر آئینی عمل پر معافی مانگنی چاہیے، اس سے پہلے بھی وہ عمران خان کے غیر آئینی مشورے پر قومی اسمبلی تحلیل کر چکے ہیں، عارف علوی صدر کے طور پر برتاؤ کریں، تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل یا ٹائیگر فورس کے رکن کے طور پر نہیں۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ صرف عمران خان کی سیاست کو فائدہ پہنچانے کیلئے اس طرح کے فیصلے اور اقدامات عارف علوی کو ایک متنازعہ صدر بناتے ہیں، ان کو آئینی عہدے پر بیٹھ کر آئین کی پاسداری کرنی چاہیے، عمران خان کی نہیں

بقیہ 25

، الیکشن کمیشن نے اب بھی حیلے بہانے کیے تو انہیں عوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کو مائنس کرنے کے خواب دیکھنے والے عوام کا جنون دیکھ لیں، سیاسی مخالفین روئیں چاہے اپنے بال نوچیں آج پاکستان کی سیاست کا محور عمران خان ہیں، پی ڈی ایم ٹولے کی اجتماعی سیاسی تدفین کا وقت اب زیادہ دور نہیں، عمران خان باہر نکلتے ہیں تو لندن اور پاکستان میں کئی لوگوں کے ایک ساتھ پلیٹ لیٹس گر جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے نے ملک کے مستقبل کا تعین کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راجن پور ضمنی الیکشن نے ثابت کر دیا تبدیلی کی ہوائیں چل پڑی ہیں، ملک میں ہونے والے آئندہ انتخابات کے نتائج راجن پور کے نتائج سے مختلف نہیں ہوں گے۔

بقیہ 26

، عمران نیازی کے یوٹرن اور ڈرامے عوام کے سامنے بے نقاب ہو گئے ہیں، جیل بھرو تحریک کی آڑ میں تم جو ہمدردیاں سمیٹنا چاہتے تھے اس میں بھی تمہیں ناکامی ہوئی ہے، مسلم لیگ (ن) انتخابات میں جانے کے لئے تیار ہے، عمران نیازی کی نام نہاد سیاسی مقبولیت کا بت زمین بوس ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے کارکنوں سے گفتگو اور اپنے حلقے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے اپنی والدہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جماعت میں ایک نئی روح پھونک دی ہے اور وہ کارکنوں اور عوام کی ہردلعزیز لیڈر بن چکی ہیں، ورکرز کنونشن سے نہ صرف پارٹی کو تقویت مل رہی ہے بلکہ پارٹی کا پیغام بھی گھر گھر پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے عوام سے جتنے جھوٹ بولے اور یوٹرن لئے اب عوام ان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے، عوام اب پچاس لاکھ گھروں اور ایک کروڑ نوکریوں کے جھانسے میں بھی دوبارہ نہیں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) انتخابات کے لئے ہروقت تیار ہے بلکہ ہم انتخابی مہم میں ہیں، جب بھی انتخابات ہوں گے پی ٹی آئی کے امیدواروں کی ضمانتیں ضبط ہو جائیں گی۔

بقیہ 27

کو میپکو کے بل کی بلاتعطل ادائیگی یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمے مثبت کردار ادا کریں۔ واسا کو عوام کا اعتماد بحال کرنا ہوگا اور اپنے ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائی کرے۔ کمشنر عامر خٹک نے واسا حکام کو الرٹ رہنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ بارش کے پیش نظر تمام مشینری فیلڈ میں بھیجی جائے۔ تیز بارش کے دوران واسا نکاسی آب کو ہر صورت یقینی بنائے تمام اہم شاہراہوں، نشیبی علاقوں سے بارش کے پانی کلیئر کروایا جائے۔ واسا مشینری فنکشنل کرے اور ڈسپوزل پر جنریٹر کا انتظام کرے۔ تمام ڈسپوزل سٹیشنوں کی ڈی سلٹنگ کی جائے۔ ضلعی افسران نکاسی آب کے عمل کو مانیٹر کرے۔ انہوں نے کہا کہ از خود بھی شہر کا دورہ کر کے حالات مانیٹر کروں گا۔ شہری بارشوں کے موسم میں تمام حفاظتی تدابیر اپنائیں۔ اجلاس میں واسا، میپکو حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 28

یاسمین راشد نے کہا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 90 روز کے اندر انتخابات کا سپریم کورٹ کا تاریخی فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے۔ یاسمین راشد نے کہا کہ آئین کو پامال کرنے والوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے، سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے سے ملک میں انصاف کا بول بالا ہوا ہے، امپورٹڈ حکمران ٹولے کے مقدر میں شکست لکھی جا چکی ہے۔ پی ٹی آئی کی سیکرٹری انفارمیشن سنٹرل پنجاب عندلیب عباس نے کہا کہ تحریک انصاف سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتی ہے، ن لیگ اور پیپلز پارٹی کا انتخابات سے بھاگنے والا ٹولہ عوامی احتساب کیلئے تیار ہو جائے۔ عندلیب عباس نے کہا کہ صاف اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہونے سے تحریک انصاف دوبارہ بڑی کامیابی حاصل کرے گی، اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ عمران خان کو ہر میدان میں کامیابی نصیب ہوئی ہے

بقیہ 29

سے 170 کلو 400 گرام چرس برآمد کر کے کوئٹہ کے رہائشی 2 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ چمن چیک پوسٹ کے قریب افغان باشندے سے 3 کلو 800 گرام مارفین اور 2 کلو 70 گرام آئس برآمد کی گئی جسے لوہے کے ٹرنک بکس میں مہارت سے چھپایا گیا تھا۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مانچسٹر جانے والے گجرات کے رہائشی مسافر سے سگریٹ کی ڈبی میں چھپائی گئی 38 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ انٹرنیشنل میل آفس راولپنڈی میں آسٹریلیا بھیجے جانیوالے پارسل پردوں میں جذب شدہ آئس برآمد کی گئی، پارسل پردوں کا مجموعی وزن 15 کلو گرام ہے۔ کراچی میں مشکوک رکشہ سے 46 کلو 200 گرام چرس اور 2 کلو 500 گرام ہیروئن برآمد کر لی گئی۔ ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے بحرین جانے والے ہری پور اور اٹک کے رہائشی 2 ملزمان کے پیٹ سے 144 ہیروئن اور آئس بھرے کیپسولز برآمد کر لیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 30

کرتے ہوئے کہا ہے کہ مردم شماری کا آغاز ہو چکا ہے لہذا عوام الناس سے التماس ہے کہ اپنے گھر کے افراد کا اندراج ضرور کروائیں، مردم شماری قومی فریضہ ہے، مردم شماری والے اساتذہ کو سکیورٹی فراہم کر دی گئی ہے، اگر کسی کو بھی کوئی شکایات ہیں تو ڈپٹی کمشنر آفس سے رجوع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے مردم شماری میں کام کرنے والے عملے کو تمام سہولیات وٹرانسپورٹ فراہم کر دی گئی ہے۔

بقیہ 31

متعلقہ مسائل کو فوری حل کیا جائے اور تاخیر سے گریز کیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے وفد کو بتایا کہ انکی بھرپور توجہ مستحکم ڈسٹری بیوشن سسٹم اور صارفین کو معیاری سروسز کی فراہمی پر مرکوز ہے اور خصوصی طور پر تاجر برادری کو فوری اور بہترین سروسز کی فراہمی پر بالکل سمجھوتہ نہیں ہوگا کیونکہ پاکستان کی معیشت کا انحصار یقینی طور پر تاجران پر ہے اسکے علاوہ بجلی کی پرانی تاروں کی تبدیلی کا مرحلہ وار سلسلہ آئیسکو ریجن میں جاری ہے، جس کے باعث نہ صرف ٹرپنگ، فالٹس میں کمی واقع ہوگی بلکہ لائن لاسز میں بھی کمی واقع آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سورج کی مدد سے بجلی کا حصول اور پھر اس بجلی کا صارفین کی جانب سے آئیسکو کو فروخت (نیٹ میٹرنگ) پر آئیسکو خصوصی طور پر توجہ دے رہی ہے اور اس سلسلے میں آئیسکو کو ابھی تک 8687 درخواستیں موصول ہوئیں ہیں جن میں 8659 صارفین کو نمبر اور آئیسکو کی جانب سے نیٹ میٹرنگ لائسنس جاری کر دیے گئے ہیں جو کہ یقینی طور پر حوصلہ افزا بات ہے۔ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر آئیسکو کی جانب سے چیف انجینئر کسٹمر سروسز جعفر مرتضی، چیف انجینئر آپریشن ڈائریکٹر محمد اسلم خان، چیف فنانس آفیسر محمد احمد سعید، منیجر کمرشل وحید اکرم، ایس ای اسلام آباد سرکل زاہد سلیم عثمانی اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 32

، اپٹا اور تاجر توانائی بچت کے حوالے سے سفارشات اور تجاویز دیں، مرتب کردہ تجاویز اور سفارشات کابینہ کے سامنے رکھی جائیں گی، انہوں نے کہا کہ حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں بلکہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے سہولت دینا ہے، صنعتکاروں اور تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں سیکرٹری توانائی ڈاکٹر نعیم رؤف، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن اور متعلقہ افسران ملاقات میں موجود تھے جبکہ وفد میں وائس چیئرمین اپٹا پنجاب اسد شفیع، جنرل سیکرٹری اپٹا رضا باقر، چیئرمین سٹورز ایسوسی ایشن پاکستان طارق محبوب رانا، لاہور سپر سٹورز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری مردان علی اور دیگر شامل تھے

بقیہ 33

جو تمام صوبوں کو برابر نمائندگی فراہم کرتا ہے۔ ایوان بالا پسماندہ علاقوں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں لانے کے لئے کوشاں ہے۔ محمد صادق سنجرانی نے گورنر صوبہ خیبر پختونخواہ کو سینیٹ کی گولڈن جوبلی تقریبات کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ سینیٹ کی گولڈن جوبلی تقریبات کو سادہ اور پروقار طریقے سے منایا جائے گا۔ چیئرمین سینیٹ کا مزید کہنا تھا کہ سینیٹ کی گولڈن جوبلی ایک تاریخی موقع ہے اور یہ ہمیں قومی یکجہتی کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ گورنر خیبر پختونخواہ نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے معاونت اور رابطہ کاری پر زور دیا۔ گورنر خیبر پختونخواہ نے کہا کہ وفاق کے تعاون سے صوبہ بھر بالخصوص ضم اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 34

گے، عدالت کا فیصلہ اکثریت کا فیصلہ ہے، 5 ممبر بینچ کا فیصلہ لازم ہے پورے ملک کی اتھارٹیز اس پر عمل کرے۔ مجھے فیصلے میں کوئی ابہام نظریں نہیں آرہا، آئین کے تحت تمام ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے کے پابند ہیں۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات میں تاخیر سے متعلق ازخود نوٹس میں وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا جو سنا دیا گیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 90 دنوں میں الیکشن کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبر پختونخوا الیکشن ازخودنوٹس کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبر پختونخوا اسپیکرز کی درخواستیں منظور کرلیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فیصلے میں قرار دیا کہ بینچ کے اکثر جج نے درخواست گزاروں کو ریلیف دیا۔ ہمارے سامنے اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد تاریخ کا معاملہ آیا۔

بقیہ 35

رہا ہے، زائد درجہ حرارت کے باعث موسم بہار 2 ہفتے کم ہو چکا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ کراچی میں مارچ کا دن کا معمول کا اوسط درجہ حرارت 32.6 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز کا یہ بھی کہنا ہے کہ رواں ماہ رات کا معمول کا اوسط درجہ حرارت 19.4 ڈگری سینٹی گریڈ رہے گا۔

بقیہ 36

یو آئی ف کے وکیل اور سینیٹر کامران مرتضی نے اے آر وائے نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے، الیکشن کرانے پر کسی کو اعتراض نہیں صدر کی جانب سے تاریخ کے اعلان کو تسلیم نہیں کرتا، انتخابات کی تاریخ سے ایک گورنر نے انکار کیا تو دوسرے گورنر نے خط و کتابت کی، گورنر کسی صوبے کا نہیں بلکہ صوبے کا ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کی تیاری کیلئے درکار 59 دن کا وقت پورا نہیں ہو پائے گا، الیکشن میں 10 سے 12 دن کی تاخیر ہو سکتی ہے، سیاسی جماعت کی حیثیت سے انتخابات کی مخالفت نہیں کر سکتے۔ دوسری جانب فواد چوہدری نے سپریم کورٹ کی جانب سے صوبائی انتخابات سے متعلق فیصلہ سنائے جانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج آئین کی فتح ہوئی ہے، دونوں صوبائی اسمبلیوں میں 90 روز میں الیکشن ہونے ہیں۔ متعلقہ ادارے سیکورٹی اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے، کے پی میں الیکشن کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے۔ بیرسٹر علی ظفر نے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر آئین کی بالادستی ہوئی ہے، پنجاب کے انتخابات کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے، عدالت نے آئین کے مطابق فیصلہ دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کے پی الیکشن کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے، عدالت کا فیصلہ اکثریت کا فیصلہ ہے، 5 ممبر بینچ کا فیصلہ لازم ہے پورے ملک کی اتھارٹیز اس پر عمل کرے۔ مجھے فیصلے میں کوئی ابہام نظریں نہیں آ رہا، آئین کے تحت تمام ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے کے پابند ہیں

بقیہ 37

ویڈیوز کے ذریعے شناخت اور گرفتاری کا عمل جاری، ریس کورس پولیس کی کاروائی، ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کی ویڈیوز کے ذریعے شناخت اور گرفتاری کا عمل جاری ہے، ریس کورس پولیس نے ویڈیو سے شناخت کر کے ملزم محمد طیب کو گرفتار کر کے کلاشنکوف اور گولیاں برآمد کیں، ملزم کو ویڈیوز کے ذریعے شناخت کر کے ٹریس کیا گیا، راولپنڈی پولیس پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کے ساتھ ساتھ ویڈیوز کے ذریعے بھی ملزمان کو شناخت کر رہی ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔

بقیہ 38

متعلق ازخود نوٹس میں وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا جو سنا دیا گیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 90 دنوں میں الیکشن کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبر پختونخوا الیکشن ازخود نوٹس کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ نے پنجاب، خیبر پختونخوا اسپیکرز کی درخواستیں منظور کرلیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فیصلے میں قرار دیا کہ بینچ کے اکثر جج نے درخواست گزاروں کو ریلیف دیا۔ ہمارے سامنے اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد تاریخ کا معاملہ آیا۔ آئین عام انتخابات سے متعلق وقت مقرر کرتا ہے۔ گورنر کی منظوری نہ ہونے پر پنجاب اسمبلی 48 گھنٹوں میں تحلیل ہوئی، عدالت نے 90 روز میں انتخابات سے متعلق درخواستیں منظور کرلیں۔ سپریم کورٹ میں فیصلہ تین دو کے تناسب سے سامنے آیا۔ یہ بھی خیال رہے کہ گزشتہ روز سپریم کورٹ آف پاکستان میں چیف جسٹس عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں الیکشن کی تاریخ سے متعلق ازخود نوٹس کیس کی سماعت کی، وکلاء کے دلائل سننے کے بعد سپریم کورٹ نے ازخود نوٹس کیس کا فیصلہ محفوظ کیا۔ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے ریمارکس دیئے کہ کہ نوے روز میں الیکشن کرانا آئین کی روح ہے، اولین ترجیح آئین کے مطابق چلنا ہے، آئین کو منسوخ نہیں کیا جاسکتا، الیکشن کمیشن چھٹیوں کے پیچھے خاموش ہے جبکہ صدر مملکت کے وکیل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ تاریخ دینے کے لیے صدر اور گورنر کو ایڈوائس کی ضرورت نہیں، صدر کو خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار نہیں تھا۔

بقیہ 39

، موبائل ایپلیکیشن اور پارسل میپ بھی تیار کیا جائے گا، سیٹلائیٹ ٹیکنالوجی اور ڈرون کیمروں کے ذریعے پنجاب بھر کے رقبے اور گھروں کی تصاویر بھی لی جائیں گی اور شہری گھر بیٹھے اپنی جائیداد کی تفصیلات اور نقشہ بھی دیکھ سکیں گے۔ ایس ایم بی آر نے کہا کہ پلس پائلٹ پراجیکٹ کے تحت اسٹیٹ لینڈ کو محفوظ بنانے کے لیے پورٹل قائم کیا جائے گا اور شہریوں کو پراجیکٹ کے ذریعے جائیداد کا یونیک پارسل نمبر الاٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں ریونیو ریکارڈ کا ایک ہی اسٹینڈرڈ ہو گا اور پلس پائلٹ پراجیکٹ کے تحت شہریوں کے پراپرٹی رائٹس کو مزید محفوظ بنایا جائے گا۔ ایس ایم بی آر نے ہدایت کی کہ موثر حکمت عملی تیار کی جائے اور پراجیکٹ میں کسی قسم کا کمیونیکیشن گیپ نہ آنے دیا جائے، پلس پائلٹ منصوبہ شہریوں کی جائیداد کو محفوظ بنانے کے لیے سودمند ثابت ہوگا۔ اس اہم پراجیکٹ کو مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ 40

گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گا، خواتین اور بچوں پر زیادتی، تشدد اور ہراسمنٹ ناقابل برداشت ہے، اس حوالے سے زیرو ٹالیرنس پالیسی کو یقینی بنایا جارہا ہے

بقیہ 41

زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز اور موٹرسائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کے گروہوں کو پکڑنے میں کامیاب نہ ہوسکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جھنگ بازار کے علاقہ سیف آباد کے قریب شفقت ذوالفقار سے موٹرسائیکل' 20 ہزار فون چھین لیا۔ ڈگلس پورہ سے وقاص سے 14 ہزار روپے' قصاب چوک کے قریب اشفاق احمد سے پونے دو لاکھ روپے فون' 7ج ب کے قریب منیر اشرف سے 25 ہزار روپے' فون' 189 ر۔ب کے عابد اقبال سے دو لاکھ روپے' فون' عزیز فاطمہ روڈ پر محسن علی سے پرس چھین لیا' اسلامیہ پارک کے قریب عمار سرور سے نقدی' فون' ضلع کچہری سے ذیشان کے چیمبر سے نقدی' فون' نور پور کے قریب اسامہ محبوب سے نقدی' فون' رحمت آباد کے قریب شاہد پروین سے پرس' نور پور کے قریب عرفان لیاقت سے نقدی فون' منصور آباد کے قریب سرفراز احمد سے موٹرسائیکل نقدی فون' منصور آباد سے نعمان سے پچاس ہزار روپے' فون' محمد عمران سے بیس ہزار روپے فون' عبداللہ پور پلی کے قریب عبدالعلیم سے ساڑھے تین لاکھ روپے' 204 گ ب کے قریب محمد زین سے نقدی فون' 630 ر۔ب کے قریب عمیر شاہد سے نقدی فون' بھٹہ خشت بائی پاس کے قریب رانا حذیفہ سے موٹرسائیکل نقدی فون لوٹ لیا۔ ستیانہ ٹول ٹیکس کے قریب ذوق علی سے موٹرسائیکل' نقدی' فون' جوہلہ چک کے قریب بلال شاہد سے نقدی فون' 259 ج ب کے عتیق کی فیکٹری میں داخل ہونیوالے ڈاکو نقدی' فون اور دیگر لوٹ مار کر کے فرار ہوگئے' 77 ج ب کے قریب قربان سے موٹرسائیکل نقدی فون' 245 ر۔ب کے قریب اظہر سے موٹرسائیکل نقدی فون' پریمیئر کالونی کے قریب نعمان نذیر سے موٹرسائیکل نقدی' ریلوے روڈ پر ثاقب رضا سے موٹرسائیکل' نقدی' مین روڈ محسن آباد سے احمد رضا سے ستر ہزار روپے' فون' 262 ر۔ب کے قریب اعجاز سے دو لاکھ ستر ہزار فون' 659 گ ب کے عبدالجبار سے موٹرسائیکل نقدی' 248 ر۔ب کے راشد علی سے موٹرسائیکل' 256 ر۔ب کے بشیر احمد سے موٹرسائیکل نقدی' انور آباد سے احسان علی کی موبائل شاپ سے فونز چھین لئے' 117 گ ب کے قریب جاوید سے نقدی' فون' 72 گ ب کے رضوان علی سے نقدی' فون' 72 گ ب کے قریب عنایت شفیع سے کیمرہ' فون چھین لیا' 459 گ ب کے قریب عابد رضا سے موبائل فون نقدی لوٹ لی' 97 ر۔ب کے قیصر محمود سے نقدی' 150 ر۔ب کے امجد نوید سے نقدی' 409 گ ب کے بلال احمد' 427 گ ب کا باسط' 398 گ ب کے اشرف' منگھری بازار کے جمیل' غلام صفدر' 137 گ ب کے اعجاز خان سے نقدی فون لوٹ لیا گیا جبکہ سول ہسپتال سے عابد علی' ایف ڈی اے سے خالد حبیب' ریل بازار سے علی عابد' البخت ہوٹل چنیوٹ بازار سے وہاب طاہر' انصاری پارک سے تنویر حسین' گلفشاں کالونی سے عامر منور' انصاری پارک سے محمد بشیر' رشید آباد میں منیر' جنرل ہسپتال غلام محمد آباد سے حماد حسن' شہباز شریف پارک سے اسامہ' اسلام پورہ سے لیاقت علی' ڈیرہ سائیں قبرستان سے افضل پرویز' شاہی چوک سے سید محسن' رضا آباد سے حافظ محمد طیب' محمد اشفاق' کلیم شہید پارک سے علی رضا' عثمان شاہ پارک سے نوید اختر' کلیم شہید کالونی کے محمد علی' 7 ج ب سے وقاص' اتوار بازار سے عمر حیات' سرگودھا روڈ کے محمد عثمان' نشاط آباد سے ناصر اقبال' 44 ج ب کے عبدالرحمٰن' محمود آباد سے عثمان خالد' ڈی گراؤنڈ سے عرفان' 208 چک سے افتخار احمد' پہاڑی والی گراؤنڈ کشمیر پارک سے فاروق' 213 رب کے دلاور سعید' عوامی ٹاؤن کے غلام مصطفیٰ' 67 ج ب کے عدنان' بڑا قبرستان کے قریب عابد علی' خالد آباد سے شہزاد' سمن آباد کے صابر علی' ڈجکوٹ سے راشد منیر' سبزی منڈی جڑانوالہ سے محمد ارشد' جڑانوالہ روڈ سے سرور' واٹر ورکس پارک سے حسنین سجاد' کچہری جڑانوالہ سے وسیم شاہد' 121 گ ب کے سلیم' 65 گ ب کے سرفراز علی' 265 رب کے راحیل' 98 رب کے عدیل عباس' 197 گ ب کے سرور' اسلام پورہ سے رضا' مریدوالہ سے رمضان کی موٹرسائیکلیں چوری ہو گئیں۔ علاوہ ازیں لاری اڈا سے دکاندار عارف سے نقدی' فون' کاشف کی دکان سے لیپ ٹاپ وغیرہ چور لے گئے' گلس پورہ کے رہائشی اسامہ آصف کے گھر کام کرنے والی نوکرانی 8 لاکھ 20 ہزار کے زیورات' نقدی سمیٹ کر لے گئیں' جمیل ٹاؤن اکرم کی دکان سے لاکھوں کا فرنیچر چوری' سبحان اللہ چوک کے مشتاق احمد کے گھر کے تالے توڑ سے 20 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات' قیمتی سامان چور لے گئے' 131 رب کے غلام محمد کے ڈیرہ سے بکرے چوری ہوگئے' 157 رب کی راشد کے گھر کا صفایا' فتح آباد میں حسن جاوید کے گھر سے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' گلشن کالونی کے قاسم' وارث پورہ کے عادل' 258 رب کے کاشف کے حویلی سے بکرے' 55 گ ب کے شہزاد' 104 گ ب کے عبدالحمید کی دکانوں' 123 گ ب کے گلزار کے ڈیرہ سے' 110 گ ب کے غلام مرتضیٰ کے گھر کا صفایا کر دیا گیا' پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود پولیس سماج دشمن عناصر کا سراغ لگانے میں کامیاب نہ ہو سکی۔

بقیہ 42

معطل کر دیا، عدالت نے الیکشن کمیشن کو ضمنی انتخابات سے روک دیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ پہلے آپ کہہ رہے تھے استعفے منظور نہیں ہو رہے، اب کہہ رہے غلط منظور ہوئے۔ بیرسٹر علی ظفر نے بتایا کہ پی ٹی آئی کے ارکان واپس اسمبلی جانا چاہتے ہیں، لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے ممبران کے استعفوں کے نوٹیفکیشن معطل کر رکھے ہیں، اسلام آباد کے 3 ممبران کی حد تک ہم نے اس ہائیکورٹ سے رجوع کیا۔ عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی پنجاب کے ایم این ایز کو ڈی نوٹیفائی کرنے سے متعلق الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن معطل کیا، لاہور ہائیکورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری، شاہ محمود قریشی، پرویز خٹک، اسد عمر سمیت 70 ارکان کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے پی ٹی آئی پنجاب کے ایم این ایز کو ڈی نوٹیفائی کرنے سے متعلق الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن معطل کیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے ایم این ایز کی حد تک ضمنی الیکشن بھی روکنے کا حکم دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن سمیت فریقین سے جواب طلب کیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ اسپیکر اسمبلی کے نوٹیفکیشن کی حد تک معاملہ 7 مارچ کو سنا جائے گا۔ جبکہ لاہور ہائی کورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے مزید مستعفی ارکان اسمبلی نے استعفے منظور کرنے کا اقدام چیلنج کیا گیا تھا۔ پی ٹی آئی کے رہنما فواد چوہدری، شاہ محمود قریشی، پرویز خٹک اور اسد عمر سمیت 70 ارکان نے درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ 43

کے تحت مقدمہ درج کیا گیا فرحت شہزادی کیخلاف اسٹیٹ بینک کی ہدایت پر مقدمہ درج کیا گیا تھا، فرحت شہزادی کے اکاؤنٹس میں غیر معمولی ٹرانزیکشن ہوئی تھیں۔ یاد رہے کہ ایف آئی اے نے فرح خان کیخلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر رکھا ہے۔ ایف آئی اے نے فرح خان کیخلاف مقدمہ درج کیا، ایف آئی آر اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت درج کی گئی۔ فرح خان نے 2021 میں اپنی کمپنی رجسٹرڈ کرائی، اپنی کمپنی کیلئے 60 کروڑ کی اراضی 6 کروڑ میں الاٹ کرائی۔ فرح خان نے سرکاری خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا۔ دوسری احتساب عدالت نے کرپشن اور آمدن سے زائد اثاثوں کے کیس میں سابق وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار کی عبوری ضمانت میں توسیع کرتے ہوئے انہیں شامل تفتیش ہونے کا حکم دے رکھا ہے۔ آمدن سے زائد اثاثہ جات کی انکوائری کے کیس کی سماعت احتساب عدالت لاہور میں ہوئی، جہاں سابق وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار عبوری ضمانت کی میعاد ختم ہونے پر پیش ہوئے۔ عدالت نے عثمان بزدار کی جانب سے تمام ریکارڈ کو کیس کا حصہ بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے استفسار کیا کہ کیا ان کا کیس 50 کروڑ تک جاتا ہے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ابھی یہ تعین نہیں ہوا۔ عدالت نے ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر بتائیں کہ یہ تفتیش کیسے شروع ہوئی، جس پر نیب تفتیشی افسر نے عدالت کو جواب دیا کہ ان کے خلاف 10 ارب کی شکایت موصول ہوئی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ بتائیں کیا اثاثے بنائے اور کس کے نام پر، جس پر تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ انہوں نے والد اور فیملی کے نام پر اثاثے بنائے۔

بقیہ 44

آباد کیپٹل پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تعلیمی معاملات میں کسی قسم کا کوئی خلل برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تعلیمی اداروں کی فضاء کو تحقیق اور تخلیقی امور کے لئے سازگار بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پرتشدد واقعات کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ اسلام آباد کیپٹل پولیس کا انسداد انتہا پسندی یونٹ دیگر تعلیمی اداروں سے رابطے میں ہے اور دورے کر رہا ہے۔

بقیہ 45

نے دی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ویل چیئرز ان معذور افراد کو دی جاتی ہے جن کا اندراج چل فاؤنڈیشن میں ہوا ہو یا جو یہاں سے علاج کروا رہا ہو۔ انتظامیہ نے معذور افراد کو مصنوعی اعضا کی فراہمی پر چل فاؤنڈیشن کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انتظامیہ چل فاؤنڈیشن کے مطابق ویل چیئرز فراہمی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 46

روپے مالیت کے طلائی زیورات برآمد ہوئے، برآمد طلائی زیورات میں 02 ہار سیٹ، انگوٹھیاں، چوڑیاں اور بریسلٹ شامل ہیں جن کی مالیت لاکھوں روپے ہے۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے گھر میں چوری کی واردات میں ملوث گھریلو ملازم شہزاد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے طلائی زیورات 02 ہار سیٹ، انگوٹھیاں، چوڑیاں اور بریسلٹ شامل برآمد ہوئے جن کی مالیت لاکھوں روپے ہے، صدر بیرونی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے تمام زاویوں سے تفتیش کرتے ہوئے ملزم شہزاد کو گرفتار کیا جس نے واردات کا انکشاف کیا، ملزم کی گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ملزم کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا

بقیہ 47

بھی بناتے رہے، ویڈیو دکھا کر طالبہ کو بلیک میل بھی کرتے رہے۔ ایس ایچ او کے مطابق دونوں ملزمان اور ایک خاتون کے خلاف مقدمہ درج ہے، جس میں سے ایک ملزم گرفتار کر لیا ہے دوسرے کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 48

مطابق نصیر آباد کے علاقہ میں موٹروے ٹول پلازہ پر فائرنگ کے مقدمہ میں پیش رفت، مزید 04 ملزمان سمیر امین، عمران علی، اویس اور محمد حماد کو گرفتار کر لیا، قبل ازیں 06 ملزمان اور گرفتاری سے بچنے میں سہولت کاری کرنے والے 05 ملزمان گرفتار کیے گئے تھے، معاملہ میں اب تک کل 15 ملزمان گرفتار کیے جا چکے ہیں، ملزمان سے 02 گاڑیاں Vigo اور Lexus برآمد کی گئیں، ملزمان سے 06 رائفلیں اور گولیاں بھی برآمد ہوئیں، ملزمان نے ٹول پلازہ پر ٹول ٹیکس نہ دینے پر اصرار کیا، اسلحہ کے زور پر سٹاف کو دھمکیاں دیں اور فائرنگ کی تھی، ملزمان کی فائرنگ سے 03 افراد محمد ذیشان، عامر شہزاد اور عمر بلال زخمی ہوئے تھے، واقعہ کا مقدمہ 03 روز قبل تھانہ نصیر آباد میں دہشت گردی، اقدام قتل اور دیگر دفعات کے تحت درج کیا گیا تھا، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان، ایس ڈی پی او کینٹ انجم شیر، ایس ایچ او نصیر آباد نے مقدمہ کے حوالے سے میڈیا نمائندگان کو آگاہ کیا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ اسلحہ کی نوک پر دھونس، دھمکی اور بدمعاشی ناقابل برداشت ہے، شہریوں کو خوف میں مبتلا کرنے والا کوئی بھی ہو، آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بقیہ 49

کا افتتاح کیا، انہوں نے ٹیبلٹ پر بٹن دبا کر جھنگ روڈ محلہ نبی کریم آباد پر گھر کو مارک کر کے مردم شماری کا آغاز کیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مجموعی طور پر ساتویں لیکن پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہے، انہوں نے کہا کہ کہ خانہ شماری کے تحت گھر، سکول، ہسپتال بھی مارک کئے جارہے ہیں، اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، اسسٹنٹ کمشنر، سی او ایجوکیشن و دیگر متعلقہ افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کو کہا ہے کہ مردم شماری میں درست اندراج کرا کر قومی ذمہ داری نبھائیں، انہوں نے عوام سے مردم شماری عملہ سے تعاون کرنے کی اپیل کی، ڈپٹی کمشنر نے بتایا ہے کہ مردم شماری کا عمل یکم اپریل تک جاری رہے گا

بقیہ 50

حل کرنے اور اپنے شہریوں کو ترقی و خوشحالی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وفد نے چیئرمین سینیٹ کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لئے چیئرمین سینیٹ کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔

بقیہ 51

اسلحہ برآمدگی کے بعد ان سے مزید تفتیش کے لیے حوالات میں منتقل کیا گیا ملزمان کی شناخت یوسف خان سکنہ پیر پھلائی ڈھوک گجراں ہمراہی ملزم شاہد گل سکنہ چواسیدن شاہ سے ہوئی ملزمان سے جب تفتیش کی گئی تو دوران انویسٹی گیشن انھوں نے بتایا کہ وہ گارمنٹس کے ایک دوکاندار کو قتل کرنے کے لیے آئے تھے جسکے قتل کی سپاری چک چکوڑہ کے رہائشی محمد عدیل نے ہمیں فیض زمان کے کہنے پر دی تھی اور ہمارا سودا دو لاکھ میں طے ہوا تھا اور اسکی پلاننگ ٹبی سیداں میں طارق حسین شاہ کے ڈیرے پر کی گئی تھی ایس ایچ او تھانہ گوجر خان نے مزید بتایا کہ دونوں ملزمان کی نشاندہی پر ڈیرے کے مالک طارق کو بھی گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ اس کے علاوہ دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے بھی ریڈ کیے جا رہے ہیں جلد ہی وہ بھی قانون کے شکنجے میں ہوں گے

بقیہ 52

سیکرٹری نے وفد کو سول سیکرٹریٹ میں واقع دربار ہال اور مقبرہ انارکلی کی تاریخی اہمیت سے بھی آگاہ کیا۔ وفد نے میزبانی پر چیف سیکرٹری کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پنجاب حکومت کیساتھ زراعت، صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں شراکت داری بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ کریس آر ہولڈن نے کہا کیلیفورنیا کی ریاست کی جانب سے پنجاب حکومت کو تمام شعبوں میں تعاون فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں۔ منصوبہ بندی و ترقیات، ویمن ڈویلپمنٹ، سیاحت کے محکموں کے سیکرٹریز اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 53

ڈپٹی کمشنر سنیہ صافی، اسسٹنٹ کمشنر ہاشم سمیت محکمہ شماریات، محکمہ تعلیم، محکمہ پولیس اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ ضلع پشاور کو 5 سرکل میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں پشاور سٹی تحصیل، حسن خیل، بڈھ بیر، شاہ عالم، پشتخرہ، متھرا اور پشاور کینٹ شامل ہیں۔ پشاور میں کل 2597 بلاکس ہیں۔ مردم شماری کے لیے 210 سپروائزر اور 1336 شمار کنندگان تعینات کیے گئے ہیں، اس حوالے سے سیکیورٹی کا خاطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے اور مردم شماری کے لیے متعلقہ عملے کو تربیت دے دی گئی ہے۔ مردم شماری کے حوالے سے شہری خود بھی اپنے کوائف درج کر سکتے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی مردم شماری میں محکمہ تعلیم، پولیس، سیکیورٹی فورسز اور محکمہ شماریات نے باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا، یہ عمل یکم اپریل تک جاری رہے گا۔ کمشنر پشاور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر پشاور نے عوام سے اپیل کی ہے کہ مردم شماری عملے سے تعاون کریں اور اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ڈیجیٹل مردم شماری کو کامیاب بنایا جاسکے۔

بقیہ 54

کیموقع پر ترک قونصل جنرل جمال سنگو اور پاک بحریہ کی اعلی قیادت موجود تھی۔ امدادی سامان میں ہزاروں خیمے، کمبل، خشک راشن، ادویات، ملبوسات اور جنریٹرز شامل ہیں۔ پاک بحریہ کی امدادی کھیپ کا جہاز 14 دن کے بحری سفر کے بعد مقررہ منزل پر پہنچے گا

بقیہ 55

خان کی رہائش گاہ پر تعینات پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، عمران خان کی رہائش گاہ کے اطراف میں سیکیورٹی کو بڑی حد تک کم کر دیا گیا ہے۔ عمران خان منگل کی صبح لاہور سے اسلام آباد روانہ ہوئے۔ عمران خان نے منگل ہی کے روز اسلام آباد کی چار عدالتوں میں پیش ہونا تھا، پی ٹی آئی کے سربراہ گزشتہ روز جیسے ہی اپنی رہائش گاہ زمان پارک سے اسلام آباد کی جانب روانہ ہوئے تو لاہور پولیس نے زمان پارک میں واقع ان کے رہائش کے باہر لگائی گئی سیکیورٹی کو فوری طور پر ختم کر دیا۔ لاہور پولیس کے اہلکاروں نے عمران خان کے گھر کے باہر لگائے گئے بیریئرز اور خاردار تاریں بھی ہٹا دیں۔ پولیس اہلکاروں کا کہنا تھا کہ چونکہ لاہور میں پی ایس ایل 8 کا انعقاد جاری ہے اس لئے سکیورٹی میں استعمال ہونے والا سامان میچز کی سکیورٹی پر استعمال کیا جائے گا۔ عمران خان جب واپس لاہور آئیں گے تو انہیں سکیورٹی فراہم کر دی جائے گی۔ یا۔ دوسری جانب اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اضافی بیریئر اور کیمپوں کی وجہ سے سڑکیں تنگ اور سکیورٹی کے مسائل میں اضافہ ہو گیا تھا۔ زمان پارک کے باہر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا تھا، شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ واضح رہے کہ عمران خان کی رہائش گاہ زمان پارک کے باہر سڑک کلیئر کروانے کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی۔ درخواست شہری محمد جاوید نے مدثر چوہدری ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست دائر کی جس میں پنجاب حکومت، سی سی او لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ زمان پارک کے باہر پی ٹی آئی کے کارکن سڑک پر بیٹھے ہیں جس کی وجہ سے کینال روڈ پر ٹریفک جام رہتی ہے، شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ معزز عدالت سے استدعا ہے کہ زمان پارک کے باہر سڑک کو کلیئر کرانے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 56

کرنے والے افراد کا دن دیہاڑے اغوا ہونا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ناکامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چار دن گزرنے کے باوجود مغوی محنت کشوں کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ دس خاندان اپنے پیاروں کی بازیابی کے منتظر ہیں۔ ریاست اپنے تمام وسائل بروئے کار لا کر چنیوٹ کے مزدوروں کو بازیاب کروائے۔ جبکہ رحیم یار خان میں شادیوں پر ڈھول بجانے والے گروپ کو ڈاکوؤں نے اغوا کر لیا۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں نے شادی کی تقریب کا جھانسہ دیکر کچے کے علاقے میں گروپ کو بلایا اور فنکار گروپ کے 9 افراد کو اغوا کر لیا۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں نے مغویوں کے ورثا سے ایک کروڑ کا تاوان طلب کیا۔ ورثاء کی جانب سے مغویوں کی تلاش کیلئے پولیس سے درخواست کی گئی جس کے بعد پولیس نے مغویوں کی تلاش کیلئے جگہ جگہ چھاپے مارنے شروع کر دیئے۔ دوسری جانب شہر قائد کے علاقے ڈیفنس خیابان بدر سے 8 سالہ بچے کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مغوی بچے کے والد ملک وقاص کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف گزری تھانے میں اغوا کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مغوی بچے کے والد کے مطابق عبداللہ شام کے وقت گھر سے باہر گیند اٹھانے گیا، گھر کے باہر ساڑھے 7 بجے ایک سفید گاڑی آکر رکی تھی، شبہ ہے کہ گاڑی میں سوار افراد نے میرے بیٹے کو اغوا کیا۔

بقیہ 57

ریکوری اہداف بہتر بنائے اور ریکوری میکنزم میں تبدیلی لائے۔ تھرڈ پارٹی کو آؤٹ سورس کر کے ریکوری بہتر بنائی جاسکتی۔ واسا اپنے ڈیفالٹرز کا نام اور فیس کو پبلک کرے اور کنکشن منقطع کرے۔ کمشنر عامر خٹک نے کہا کہ کمیٹی بنائی جارہی ہے جو از خود جا کر ڈیفالٹرز کو چیک کرے گی۔ انہوں نے میپکو حکام کو بتایا کہ اعلی حکام کو مسائل بارے آگاہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے واسا حکام کو میپکو کے بل کی بلاتعطل ادائیگی یقینی بنانے کا حکم دیا

بقیہ 58

کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 59

اشعر سے 45 پتنگیں اور ڈور، صدر بیرونی پولیس نے 03 ملزمان نعمان، کلیم اور فرحاد سے 100 پتنگیں اور 03 ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے گی

آج آئین کی فتح ہوئی ہے تحریک انصاف کا سپریم کورٹ کے فیصلے پر ردعمل

دونوں صوبائی اسمبلیوں میں 90 روز میں الیکشن ہونے ہیں، متعلقہ ادارے سکیورٹی اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے، فواد چوہدری

متعلقہ ادارے سکیورٹی اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے، کے پی میں الیکشن کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے، پی ٹی آئی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ کی جانب سے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 90 روز میں انتخابات کرانے کے حکم پر تحریک انصاف کا ردعمل آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق فواد چوہدری نے سپریم کورٹ کی جانب سے صوبائی انتخابات سے متعلق فیصلہ سنائے جانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج آئین کی فتح ہوئی ہے، دونوں صوبائی اسمبلیوں میں 90 روز میں الیکشن ہونے ہیں۔ متعلقہ ادارے سکیورٹی اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے، کے پی میں الیکشن کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے۔ بیرسٹر علی ظفر نے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر آئین کی بالادستی ہوئی ہے، پنجاب کے انتخابات کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں گے، عدالت نے آئین کے مطابق فیصلہ دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کے پی الیکشن کی تاریخ کا اعلان گورنر کریں (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن کا صوبائی انتخابات کیلئے صدر اور گورنر خیبر پختونخوا سے مشاورت کا فیصلہ

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کا آئیسکو ہیڈ آفس کا دورہ

بزنس کمیونٹی کو مزید بہتر سروسز فراہم کی جائیں، آئیسکو کی سروسز پر اظہار اطمینان، انڈر گراؤنڈ کیبلز کی تبدیلی کا مطالبہ، ترجمان آئیسکو

فیلڈ دفاتر کو بھی ہدایات جاری کی جائیں کہ تاجران کے بجلی سے متعلقہ مسائل کو فوری حل کیا جائے اور تاخیر سے گریز کیا جائے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے صدر احسن ظفر بختیاوری کی سربراہی میں آئیسکو ہیڈ آفس اسلام آباد کا دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان اور دیگر سینئر افسران نے ان کا استقبال کیا۔ میٹنگ کے دوران صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احسن ظفر بختیاوری نے آئیسکو کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ بزنس کمیونٹی کو مزید بہتر سروسز فراہم کی جائیں، بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے، انڈر گراؤنڈ کیبلز کو تبدیل کیا جائے تا کہ فالٹس کی شرح میں کمی واقع ہو۔ انکا مزید کہنا تھا کہ صارفین کو نیٹ میٹرنگ کے حصول اور اسکی افادیت کے بارے میں نہ صرف آگاہی فراہم کی جائے بلکہ اسکے طریقہ کار کو مزید آسان بنایا جائے اور فیلڈ دفاتر کو بھی ہدایات جاری کی جائیں کہ تاجران کے بجلی سے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: نگران وزیر اعلی پنجاب کا پتنگ بازوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

محمد صادق سنجرانی سے گورنر خیبر پختونخواہ کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات

ملاقات میں صوبہ خیبر پختونخواہ کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

سینیٹ کی گولڈن جوبلی تقریبات کو سادہ اور پروقار طریقے سے منایا جائے گا، صادق سنجرانی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی نے پارلیمنٹ ہاس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبہ خیبر پختونخواہ کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے صوبے کے ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرنے کے سلسلے میں رابطہ کاری کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے حوالے سے ایوان بالا اہم کردار ادا کر رہا ہے اور ایوان بالا ایک ایسا فورم ہے (بقیہ نمبر 33)

ایس ایم تنویر سے اپٹما اور تاجروں کے وفد کی ملاقات

مارکیٹوں کی رات ساڑھے آٹھ بجے بندش کے حکومتی فیصلے پر بات چیت

تاجر توانائی کی بچت کے حوالے سے تجاویز اور سفارشات دیں، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لاہور (اسپیشل رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت و توانائی ایس ایم تنویر سے اپٹما اور تاجروں کے وفد نے انرجی ڈیپارٹمنٹ کے کمیٹی روم میں ملاقات کی، ملاقات کے دوران توانائی بچت کے لئے مارکیٹوں کی رات ساڑھے 8 بجے بندش کے حکومتی فیصلے کے حوالے سے گفتگو ہوئی، تاجروں نے مارکیٹوں کے اوقات کار بڑھانے کا مطالبہ کیا . صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ توانائی بچت کے حوالے سے آگاہی پروگرام کئے جائیں (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: اختلاف کرنیوالے ججز بھی 90 دن میں الیکشن کا اصول تسلیم کرتے ہیں: پی ٹی آئی

کراچی میں فروری معمول سے زائد گرم رہا، چیف میٹرولوجسٹ

رواں ماہ رات کا معمول کا اوسط درجہ حرارت 19.4 ڈگری سینٹی گریڈ رہے گا

کراچی (سٹی رپورٹر) چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز کا کہنا ہے کہ کراچی میں رواں سال کا فروری معمول سے زائد گرم رہا۔ انہوں نے بتایا ہے کہ کراچی میں فروری کا دن کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 2 ڈگری سینٹی گریڈ زائد رہا۔ چیف میٹرولوجسٹ نے بتایا ہے کہ شہر قائد میں گزشتہ ماہ میں رات کا اوسط درجہ حرارت معمول سے ایک ڈگری زائد رہا۔ انہوں نے بتایا ہے کہ موسم بہار میں بھی درجہ حرارت معمول سے زائد رہ سکتا ہے۔ چیف میٹرولوجسٹ کا کہنا ہے کہ ملک کے جنوبی حصے میں موسم بہار سکڑ (بقیہ نمبر 35)

90 دن میں الیکشن پر اعتراض نہیں سپریم کورٹ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے، کامران مرتضی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات سے متعلق کیس میں جے یو آئی کے وکیل کامران مرتضی کا کہنا ہے کہ 90 دن میں الیکشن پر اعتراض نہیں جن کی ذمہ داری ہے وہ ادا کریں، مؤقف واضح تھا کہ دونوں صوبوں میں الیکشن کی تاریخ گورنرز دیں۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں انتخابات سے متعلق از خود نوٹس کیس میں جج (بقیہ نمبر 36)

پلس پراجیکٹ کا لودھراں اور حافظ اباد سے آغاز

رجسٹریوں اور انتقالات کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کر کے محفوظ بنایا جائے گا

پلس پائیلٹ منصوبہ شہریوں کی جائیداد کو محفوظ بنانے کے لیے سودمند ثابت ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ورلڈ بینک نے نمائندوں کا سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب نبیل جاوید کی زیر صدارت پلس پراجیکٹ پر منعقدہ اجلاس میں شرکت۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی سائرہ عمر، ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ پنجاب محمد عاصم سمیت دیگر سینئر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ ورلڈ بینک کے نمائندوں نے پنجاب اربن لینڈ سسٹم انہیسمنٹ (پلس) پراجیکٹ بارے اجلاس کو بریفنگ دی۔ ایس ایم بی آر کو بتایا گیا کہ ضلع حافظ آباد اور لودھراں سے پلس پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز ہو چکا ہے اور ورلڈ بینک کے تعاون سے پلس پراجیکٹ کو 5 سال کے عرصہ میں مکمل کیا جائے گا۔ اس موقع پر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پلس پائلٹ پراجیکٹ کے ذریعے 1947 سے اب تک رجسٹریوں اور انتقالات کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کر کے محفوظ بنایا جائے گا اور پہلے مرحلے میں بچ جانے موضع جات کو کمپیوٹرائزڈ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ سروے (بقیہ نمبر 39)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ، 24 گھنٹوں کے دوران 120 سے زائد سنگین وارداتوں میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں روپے مالیت کے (بقیہ نمبر 41)

ایف آئی اے کا فرح خان کو پاکستان لانے کیلئے انٹرپول سے رابطے کا فیصلہ

فرح خان کو اشتہاری قرار دینے کیلئے عدالت سے ریڈ وارنٹ حاصل کیے جائیں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) فرح خان کے اکاؤنٹس کی تحقیقات کے سلسلے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایف آئی اے نے فرحت شہزادی (فرح خان) کو پاکستان لانے کیلئے انٹرپول سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ایف آئی اے نے اس حوالے سے وزارت داخلہ سے اجازت مانگ لی، ذرائع ایف آئی اے کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ فرحت شہزادی کو اشتہاری قرار دینے کیلئے عدالت سے ریڈ وارنٹ حاصل کیے جائیں گے، ان کیخلاف اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ (بقیہ نمبر 43)

ریس کورس پولیس کی کاروائی، ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر پتنگ بازی کیخلاف ایکشن

شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے، سی پی او

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کی ویڈیوز کے ذریعے شناخت اور گرفتاری کا عمل جاری، ریس کورس پولیس کی کاروائی، ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کی ویڈیوز کے ذریعے شناخت اور گرفتاری کا عمل جاری ہے، ریس کورس پولیس نے ویڈیو سے شناخت کر کے ملزم محمد طیب کو گرفتار کر کے کلاشنکوف اور گولیاں برآمد کیں، ملزم کو ویڈیوز کے ذریعے شناخت کر کے ٹریس کیا گیا، راولپنڈی پولیس پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کے ساتھ ویڈیوز کے ذریعے بھی ملزمان کو شناخت کر رہی ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کی (بقیہ نمبر 37)

پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات 90 روز میں کرانے کا حکم، اعتزاز احسن کا ردِعمل

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما اور نامور قانون دان اعتزاز احسن کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین کے مطابق ہے، عدالت عظمٰی کا یہ فیصلہ درست ہے۔ اعتزاز احسن نے اے آر وائے نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ن لیگ نے عدلیہ پر تنقید کی، افسوس ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ اکثریت کی بنیاد پر نہیں آیا، پیپلز پارٹی الیکشن میں مقابلہ کرے گی اور انتخابات سے بھاگ نہیں رہی۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات میں تاخیر سے (بقیہ نمبر 38)

اسد عمر سمیت تین سابق ارکان اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کا نوٹیفکیشن معطل

اسلام آباد ((نیوز رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسد عمر سمیت پی ٹی آئی کے تین سابق ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کے 3 ارکان اسمبلی کی الیکشن کمیشن کے ڈی نوٹیفائی فیصلے کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسد عمر، علی نواز اعوان اور خرم نواز کی استعفوں کی منظوری کا نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 42)

تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی، شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی، شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس کو متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ ملزم آیان نے شادی کا جھانسہ دے کر اسے زیادتی کا نشانہ بنایا، تھانہ سٹی پولیس نے متاثرہ خاتون کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم آیان کو گرفتار کر لیا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 40)

تعلیمی معاملات میں کسی قسم کا کوئی خلل برداشت نہیں کیا جائے گا، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد کیپٹل پولیس کا انسداد انتہا پسندی یونٹ دیگر تعلیمی اداروں سے رابطے میں ہے اور دورے کر رہا ہے

قائداعظم یونیورسٹی انتظامیہ کی درخواست پر شرپسند عناصر کے خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ تعلیمی معاملات میں کسی قسم کا کوئی خلل برداشت نہیں کیا جائے گا، قائداعظم یونیورسٹی انتظامیہ کی درخواست پر شرپسند عناصر کے خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے، سپیشل پولیس فورس تعلیمی اداروں میں تعینات کی جائے گی تا کہ محفوظ تعلیمی سرگرمیاں جاری رہ سکیں۔ بدھ کو اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ قائداعظم یونیورسٹی ہاسٹلز کو خالی کروالیا گیا جس کے لیے یونیورسٹی انتظامیہ نے پولیس کی معاونت حاصل کی۔ یونیورسٹی انتظامیہ اور والدین نے بروقت کارروائی پر وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان اور اسلام (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: حکومت سپریم کورٹ کا فیصلہ قبول کرے گی، فیصلے میں اختلاف رائے ہے، رانا ثنا

ضلع چاغی کے عمائدین اور نوجوانوں کے وفد کی چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے کر رہا ہے

ضلع چاغی کے عمائدین اور نوجوانوں کے وفد کی محمد صادق سنجرانی سے ملاقات

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے ضلع چاغی کے نوجوانان اور عمائدین کے وفد نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی

سینیٹ صوبوں کو درپیش مسائل حل کرنے اور اپنے شہریوں کو ترقی و خوشحالی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے نوجوانوں کو ہنرمندی اور پیشہ وارانہ تعلیم پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور انھیں تمام تر صلاحیتوں کو تخلیقی سرگرمیوں پر مرکوز کرنے کی ضرورت ہے تا کہ ملک کی مجموعی معاشی اور سماجی ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ ہیومن کیپٹل کی بدولت قوموں نے ترقی کی ہے اور آج ہمیں اسکی اشد ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ترقی اور اہداف کے حصول میں ہنرمند افراد کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کمی نہیں اور انکی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے کئی منصوبوں پر کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گوادر بندرگاہ صوبہ بلوچستان کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ وفد نے چاغی میں مقامی آبادی کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی اور چیئرمین سینیٹ نے انہیں یقین دلایا کہ مسائل کے حل کے لئے متعلقہ فورمز سے رابطہ کیا جائیگا۔ مزید برآں چیئرمین سینیٹ نے وفد کو سینیٹ کی گولڈن جوبلی اور چھوٹے صوبوں کو درپیش مسائل کے حل میں پارلیمنٹ کے ایوان بالا کے کردار کے بارے میں آگاہ کیا۔ شرکا نے بلوچستان کی ترقی اور اس کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سینیٹ صوبوں کو درپیش مسائل (بقیہ نمبر 50)

قصور، نشہ آور مشروب پلا کر طالبہ سے اجتماعی زیادتی، ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ملزمان دوران زیادتی 16 سالہ طالبہ کی ویڈیو بھی بناتے رہے، ایک گرفتار، دوسرے کی تلاش جاری

قصور (اسپیشل رپورٹر) پنجاب کے شہر قصور میں تھانہ بی ڈویژن کے علاقہ چراغشاہ میں طالبہ کے ساتھ اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا کالج کی طالبہ کو نشہ آور مشروب پلا کر زیادتی کی گئی تھی، ایف آئی آر کے مطابق ملزمان دوران زیادتی 16 سالہ طالبہ کی ویڈیو بھی بناتے رہے، ویڈیو دکھا کر طالبہ کو بلیک میل بھی کرتے رہے۔ ایس ایچ او کے مطابق دونوں ملزمان اور ایک خاتون کے خلاف مقدمہ درج ہے جس میں سے ایک ملزم گرفتار کر لیا ہے دوسرے کی تلاش جاری ہے۔ کالج کی طالبہ کو نشہ آور مشروب پلا کر زیادتی کی گئی تھی، ایف آئی آر کے مطابق ملزمان دوران زیادتی 16 سالہ طالبہ کی ویڈیو (بقیہ نمبر 47)

مظفرگڑھ ضلع بھر میں ساتویں خانہ و مردم شماری کا آغاز کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر نے بتایا ہے کہ مردم شماری کا عمل یکم اپریل تک جاری رہے گا

مظفرگڑھ (نیوز رپورٹر) مظفرگڑھ ضلع بھر میں ساتویں خانہ و مردم شماری کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری کا افتتاح کیا، انہوں نے ٹیبلٹ پر بٹن دبا جھنگ روڈ محلہ ٹبی کریم آباد پر گھر کو مارک کر کے مردم شماری کا آغاز کیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مجموعی طور پر ساتویں لیکن پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہے، انہوں نے کہا کہ خانہ شماری کے تحت گھر، سکول، ہسپتال بھی مارک کئے جا رہے ہیں، اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، اسسٹنٹ کمشنر، سی او ایجوکیشن اور دیگر متعلقہ افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کو کہا ہے کہ مردم شماری میں درست اندراج کرا کر قومی ذمہ داری نبھائیں، انہوں نے عوام سے مردم شماری عملہ سے تعاون کرنے کی اپیل کی، ڈپٹی کمشنر نے بتایا ہے کہ مردم شماری کا عمل یکم اپریل تک جاری رہے گا۔ مظفرگڑھ ضلع بھر میں ساتویں خانہ و مردم شماری کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری (بقیہ نمبر 49)

صدر بیرونی پولیس کی کاروائی، گھر میں چوری کی واردات میں ملوث گھریلو ملازم گرفتار

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) صدر بیرونی پولیس کی کاروائی، گھر میں چوری کی واردات میں ملوث گھریلو ملازم گرفتار، ملزم سے لاکھوں (بقیہ نمبر 46)

نصیر آباد کے علاقہ میں موٹر وے ٹول پلازہ پر فائرنگ کے مقدمہ میں پیش رفت

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) نصیر آباد کے علاقہ میں موٹر وے ٹول پلازہ پر فائرنگ کے مقدمہ میں پیش رفت، نصیر آباد پولیس نے گزشتہ روز مزید 04 ملزمان کو گرفتار کر لیا، قبل ازیں 06 ملزمان اور گرفتاری سے بچنے میں سہولت کاری کرنے والے 05 ملزمان گرفتار کیے گئے تھے، معاملہ میں اب تک کل 15 ملزمان گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 48)

باچا خان میڈیکل کمپلیکس میں 100 معذور افراد میں ویل چیئرز تقسیم

انتظامیہ چل فاؤنڈیشن کے مطابق ویل چیئرز فراہمی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا

پشاور (خصوصی رپورٹر) تدریسی ہسپتال باچا خان میڈیکل کمپلیکس صوابی میں قائم چل فاؤنڈیشن میں 100 معذور افراد کو ویل چیئرز فراہم کر دی گئیں ہیں، اس ضمن میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ہسپتال اور میڈیکل کالج کی انتظامیہ نے شرکت ہے۔ ترجمان تدریسی ہسپتال باچا خان میڈیکل کمپلیکس صوابی کے مطابق ابتدائی طور پر 100 ویل چیئرز معذوروں کو دی گئیں ہیں جو کہ آئی سی آر سی (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: جوڈیشل کمپلیکس ہنگامہ آرائی: عمران سمیت 21 پی ٹی آئی رہنماں کیخلاف مقدمہ درج

گوجر خان پولیس نے دوران ناکہ بندی سپاری کلر اور ڈیرے کا مالک گرفتار کرلیا

ملزمان نے گوجرخان کی تاجر کی سپاری لی تھی دیگر سہولت کاروں کو بھی جلد گرفتار کیا جائے گا، sho

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان نے دوران ناکہ بندی گلیانہ روڈ سے آنے والے موٹر سائیکل سواروں کو مشکوک جان کر روکا اور انکی تلاشی لی تو انکے قبضے سے اسلحہ برآمد ہوا تو ان کو مزید تفتیش کے لیے تھانے میں منتقل کر دیا گیا جہاں پر ان سے پولیس نے اپنے روایتی طریقہ کار سے پوچھ گچھ کی تو مشکوک ملزمان نے انکشاف کیا کہ انھوں نے گوجرخان کے ایک تاجر کی سپاری چک چکوڑہ کے رہائشی شخص سے لی تھی جسکی باقاعدہ پلاننگ ٹبی سیداں میں ہوئی ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز کے مطابق پولیس ٹیم گشت پر معمور تھی اور ناکہ بندی کی ہوئی تھی کہ گلیانہ روڈ سے آنے والے موٹر سائیکل سواروں کو مشکوک جان کر تلاشی لی گی (بقیہ نمبر 51)

کیلیفورنیا قانون ساز اسمبلی کے وفد کا پنجاب سول سیکرٹریٹ کا دورہ

چیف سیکرٹری نے وفد کو سول سیکرٹریٹ میں واقع دربار ہال اور مقبرہ انارکلی کی تاریخی اہمیت سے بھی آگاہ کیا

وفد کو صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقع، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، آئی ٹی سمیت دیگر شعبوں بارے بریفنگ دی گئی

لاہور (خصوصی رپورٹر) کیلیفورنیا قانون ساز اسمبلی کی Appropriation کمیٹی کے سربراہ کرلیس آر ہولڈن کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد نے بدھ کے روز سول سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کیلیفورنیا قانون ساز اسمبلی کے اراکین اور حکام پر مشتمل وفد کا استقبال کیا۔ وفد کو صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقع، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، آئی ٹی سمیت دیگر شعبوں بارے بریفنگ دی گئی اور کیلیفورنیا کی ریاست اور پنجاب حکومت کے مابین دو طرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ کیلیفورنیا کی ریاست اور پنجاب حکومت کے مابین سسٹر سٹیٹس کے معاہدے سے باہمی تعلقات مضبوط ہونگے، دو طرفہ تعاون کے فروغ کیلئے تجاویز تیار کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے شعبے میں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں آئی ٹی کا شعبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کیلئے انتہائی موزوں ہے۔ چیف (بقیہ نمبر 52)

پشاور میں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری کا آغاز کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر پشاور

پشاور (جنرل رپورٹر) پشاور میں ساتویں خانہ و مردم شماری کا آغاز کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری کے حوالے سے افتتاحی تقریب بدھ کے روز منعقد ہوئی جس میں کمشنر پشاور ڈویژن محمد زبیر، ڈپٹی کمشنر پشاور شاہ فہد، ایڈیشنل (بقیہ نمبر 53)

ضرورت نمائندگان

ڈنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے

آپ صحافی بننا چاہتے ہیں

آپ کو لکھنے کا شوق ہے

آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی

تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر

نیوز ایجنسیز کی ضرورت ہے

0312-7786354

پاک بحریہ کا جہاز زلزلہ متاثرین کا امدادی سامان لے کر ترکیہ روانہ

سامان میں ہزاروں خیمے، کمبل، خشک راشن، ادویات، ملبوسات اور جنریٹرز شامل ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) زلزلہ متاثرین کی امداد کے لیے پاک بحریہ کا جہاز ایک ہزار ٹن سے زائد سامان لے کر ترکیہ روانہ ہو گیا۔ ترکیہ اور شام کے زلزلہ متاثرین کے لیے این ڈی ایم اے اور افواج پاکستان کی کاوشیں جاری ہیں۔ پاک بحریہ کے جہاز نصر پر ایک ہزار ٹن سے زائد سامان کراچی سے روانہ کر دیا گیا، امدادی جہاز کی روانگی کے موقع پر ترک قونصل جنرل جمال سنگو اور پاک بحریہ کی اعلی قیادت موجود تھی۔ امدادی سامان میں ہزاروں خیمے، کمبل، خشک راشن، ادویات، ملبوسات اور جنریٹرز شامل ہیں۔ پاک بحریہ کی امدادی کھیپ کا جہاز 14 دن کے بحری سفر کے بعد مقررہ منزل پر پہنچے گا۔ زلزلہ متاثرین کی امداد کے لیے پاک بحریہ کا جہاز ایک ہزار ٹن سے زائد سامان لے کر ترکیہ روانہ ہو گیا۔ ترکیہ اور شام کے زلزلہ متاثرین کے لیے این ڈی ایم اے اور افواج پاکستان کی کاوشیں جاری ہیں۔ پاک بحریہ کے جہاز نصر پر ایک ہزار ٹن سے زائد سامان کراچی سے روانہ کر دیا گیا، امدادی جہاز کی روانگی (بقیہ نمبر 54)

زمان پارک میں عمران خان کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کی تعداد کم کر دی گئی

لاہور (خبر نگار) زمان پارک میں پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کی تعداد کم کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عمران خان کے اسلام آباد جانے سے پہلے 200 سے زائد پولیس اہلکار زمان پارک کے اطراف میں مختلف پوائنٹس پر ڈیوٹی کر رہے تھے۔ تاہم تازہ صورتحال کے مطابق اب عمران (بقیہ نمبر 55)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN

اسلام آباد: الیکشن کمیشن نے نگران حکومت خیبر پختونخوا کو ٹرانسفر پوسٹنگ کی اجازت دے دی

شادیوں میں ڈانس کرنے والے 10 افراد کو ڈاکوؤں نے اغوا کرلیا

پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں شروع کر دیں

چنیوٹ (جنرل رپورٹر) پنجاب کے ضلع چنیوٹ میں شادیوں میں ڈانس کرنے والے دس افراد کو ڈاکوؤں نے اغوا کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دس افراد کو شادی فنکشن میں بہانے سے بلا کر اغوا کیا گیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں شروع کر دی ہیں۔ صوبائی وزیر سید حسن مرتضی نے نگران حکومت اور اعلی حکام سے چنیوٹ سے اغواء ہونے والے دس افراد کو کچے کے علاقے سے فوری بازیاب کروانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مزدوری (بقیہ نمبر 56)

ڈویژنل انتظامیہ کی خصوصی کاوش سے واسا کا بجلی کنکشن بحال کر دیا گیا

ملتان (خصوصی خبر نگار) ڈویژنل انتظامیہ کی خصوصی کاوش سے واسا کا بجلی کنکشن بحال کر دیا گیا۔ کمشنر عامر خٹک نے واسا کو سرکاری پانی کی سپلائی بحال کرنے کا حکم دیدیا۔ انہوں نے کہا کہ واسا شہریوں کے مسائل کے حل بارے اقدامات کرے۔ کمشنر انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ واسا اپنے (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 34 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 34 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم شہباز سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، واہ کینٹ پولیس نے ملزم ذیشان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اقبال سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شیر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عامر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم ریحان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز (بقیہ نمبر 58)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں

08 ملزمان گرفتار، شراب، چرس، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 08 ملزمان گرفتار، شراب، چرس، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے ملزم عبدالساجد سے 10 لیٹر شراب، صدر واہ پولیس نے ملزم حسن سے 20 لیٹر شراب، کھوڑہ پولیس نے ملزم آکاش اخلاق سے 250 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے 02 ملزمان اُسامہ اور (بقیہ نمبر 59)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035